Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 6 جولائی 2026ء، 20 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 81

ٹیلی کام بل کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ کسی کی ذاتی زمین پر قبضہ کیا جائیگا

ٹیلی کام بل پر عوام اور پارلیمان کو آگاہ کرنا انتہائی ضروری تھا، ٹیلی کام کا پرانا قانون موجودہ دور کی ضروریات سے مطابقت نہیں رکھتا تھا، بل کا مقصد وزیراعظم کے وژن کے مطابق انٹرنیٹ کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے

اتفاق رائے کے ساتھ قانون سازی کی جارہی ہے، مالی الزامات پر قانونی کارروائی کا پورا حق رکھتے ہیں، وفاقی وزرا شزہ فاطمہ خواجہ اور اعظم نذیر تارڑ کی مشترکہ پریس کانفرنس

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات، احسن اقبال، امریکہ کے شہر اور لینڈو، فلوریڈا میں ایسوسی ایشن آف فزیشنز آف پاکستانی ڈیسنٹ آف نارتھ امریکہ کے عہدیداران کے ہمراہ

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کام شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ اتفاق رائے کے ساتھ قانون سازی کی جارہی ہے، ٹیلی کام بل کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ کسی کی ذاتی زمین پر قبضہ کیا جائے گا، ہم اپنے خلاف لگائے گئے مالی الزامات پر قانونی کارروائی کا پورا حق رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس (بقیہ نمبر 10)

مہنگائی کی شرح 3.5 فیصد، ترسیلاتِ زر 31 ارب ڈالر سے متجاوز

اڑان پاکستان کے ذریعے ہم اپنی سوچ کو بنیادی طور پر تبدیل کررہے ہیں

اڑان پاکستان کا معاشی نظم وضبط اب حقیقت کا روپ دھار رہا ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی واصلاحات وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ مہنگائی کی شرح 3.5 فیصد تک گرنے اور ترسیلات زر کے 31 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کے ساتھ ہی اڑان پاکستان کا معاشی نظم (بقیہ نمبر 11)

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جعلی افسر کو گرفتار کرلیا گیا

گھوٹکی کا رہائشی عبدالواجد خود کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں گریڈ 17 کا افسر ظاہر کرتا تھا، ترجمان قومی اسمبلی

اسلام آباد (آئی آئی پی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جعلی افسر کو گرفتار کرلیا گیا، ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق گھوٹکی کا رہائشی عبدالواجد خود کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں گریڈ 17 کا افسر ظاہر کرتا تھا۔ ترجمان قومی اسمبلی نے بتایا (بقیہ نمبر 14)

ڈیرہ بگٹی 2 گروپوں میں فائرنگ 4 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں ایک گروپ کے باپ اور بیٹا، دوسرے گروپ کے 2 بھائی شامل

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے زین کوہ دربیجن میں رقم کے تنازع پر 2 گروپوں کے درمیان فائرنگ ہوگئی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا۔ پولیس (بقیہ نمبر 13)

5 جولائی آئین اور جمہوریت پر حملے کا سیاہ دن ہے، بلاول

جب بھی آئین یا عوام کے مینڈیٹ کو خطرہ لاحق ہوگا، پیپلز پارٹی جمہوریت کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 پاکستان کی جمہوری تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب عوام کے مینڈیٹ کو بندوق کی نوک پر چھین لیا گیا، آئین (بقیہ نمبر 12)

نارووال: وزیراعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی ثانیہ عاشق معذور طلبہ میں ہمت کارڈ تقسیم کررہی ہیں

مٹی کے تیل کی قیمت میں 4 روپے 9 پیسے فی لیٹر اضافہ

اسلام آباد (آئی آئی پی) مٹی کے تیل کی قیمت میں 4 روپے 9 پیسے فی لیٹر اضافہ کردیا۔ اوگرا نے مٹی کے تیل کی قیمت میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس (بقیہ نمبر 16)

وزیراعلیٰ پنجاب کا کیپٹن کرنل شیر خان شہید کے یوم شہادت پر پیغام

دشمن بھی کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی بہادری کا معترف ہے، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کیپٹن کرنل شیر خان شہید کے یوم شہادت پر اپنے پیغام میں شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے بہادر بیٹے کو سلام پیش کرتی ہے (بقیہ نمبر 15)

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز سے چھوٹے شہروں اور قصبات تک الیکٹرو بسیں پہنچنے سے عوام خوشی سے نہال

الیکٹرو بس ہر قریہ تک پہنچائیں گے: وزیراعلیٰ پنجاب

خانیوال، خوشاب، بھکر، اٹک، منڈی بہاؤالدین اور حافظ آباد کے 13 روٹس پر الیکٹرو بسیں چلیں گی، خوشاب کیلئے 15، خانیوال 9، بھکر 9، اٹک 9، منڈی بہاؤالدین 9 اور حافظ آباد کیلئے 9 جدید ترین الیکٹرو بس سسٹم فنکشنل

خانیوال میں خانیوال تا جہانیاں اور کبیر والا روٹ پر 9 الیکٹرو بس سروس پر مسافروں کا ہجوم، حافظ آباد میں جناح چوک (انٹرسٹی) اور گھوڑا چوک تا جلال پور بھٹیاں روٹ پر 9 بسیں فنکشنل ہوگئیں

جولائی 2026ء کے آخر تک پنجاب کے مزید 14 اضلاع میں الیکٹرو بس سروس کا دائرہ کار بڑھا دیا جائے گا، چنیوٹ، لیہ، اوکاڑہ اور سیالکوٹ میں جولائی کے اختتام تک 101 الیکٹرو بسیں چلائی جائیں گی

لاہور (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز سے چھوٹے شہروں اور قصبات تک الیکٹرو بسیں پہنچنے سے عوام خوشی سے نہال ہوگئے۔ خانیوال، خوشاب، بھکر، اٹک، منڈی بہاؤالدین اور حافظ آباد کے 13 روٹس پر الیکٹرو بسیں چلیں گی۔ خوشاب کیلئے 15، خانیوال 9، بھکر 9، اٹک 9، منڈی بہاؤالدین 9 اور حافظ آباد کیلئے 9 جدید ترین بسیں چل پڑی۔ خوشاب میں الیکٹرو بس کا روٹ جنرل بس اسٹینڈ تا گروٹ چوک، مٹھا ٹوانہ اور منگوال (بقیہ نمبر 22)

وزیراعلیٰ کا 250 ویں یوم آزادی پر امریکی عوام کو مبارکباد

وزیراعظم، فیلڈ مارشل نے حالیہ تنازع میں ثالث کا بے مثال کردار ادا کرکے پاک امریکہ تعلقات کو مزید تقویت بخشی، مریم نواز

پنجاب امریکہ کیساتھ دوطرفہ تعاون اور شراکت داری مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے، جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے امریکہ کا کردار قابل تحسین ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 250 ویں یوم آزادی پر امریکہ کی عوام کو مبارکباد کا پیغام بھیجا ہے۔ اہل پنجاب امریکی عوام کو 250 ویں یوم آزادی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات باہمی احترام پر مبنی ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے حالیہ تنازع میں ثالث کا (بقیہ نمبر 27)

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کو الوداعی تقریب کے دوران پورٹریٹ پیش کیا جارہا ہے

چوہدری سالک حسین کی خصوصی ہدایت پر محنت کش خاندانوں کیلئے تاریخ ساز اقدام

ورکرز ویلفیئر فنڈ کے تحت مزید ایک لاکھ بچوں کو جماعت اول سے انٹرمیڈیٹ تک تعلیم فراہم کرنے کا فیصلہ

محنت کشوں کے بچوں کو بھی وہی مواقع حاصل ہونے چاہئیں جو معاشرے کے دیگر بچوں کو میسر ہیں، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے وژن اور محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت کے عزم کے تحت، وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے ورکرز ویلفیئر فنڈ کے سیکرٹری ذوالفقار احمد کو خصوصی ہدایات جاری کرتے ہوئے ملک بھر کے رجسٹرڈ محنت کشوں کے مزید ایک لاکھ بچوں کو جماعت اول سے ایف اے (بقیہ نمبر 8)

صدر اور وزیراعظم کا کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی 27 ویں برسی پر خراج عقیدت

اسلام آباد: (اے ایف بی) صدر مملکت اور وزیراعظم نے کارگل جنگ کے ہیرو کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی 27 ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی لازوال قربانی ہمیشہ زندہ رہے گی، پاکستان کے شہداء ہمارا (بقیہ نمبر 17)

شدید گرمی اور حبس کی شدت کم کرنے کے لئے نوجوان اور بچے نہر میں نہا رہے ہیں

پاکستان امریکا تعلقات مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، صدر زرداری

امریکا اپنی طاقت، جدت، آزادی، جمہوریت اور مساوی مواقع جیسے بنیادی اقدار سے وابستگی کی مضبوط روایت کو مسلسل آگے بڑھا رہا ہے

پاکستان اور امریکا کے درمیان دیرینہ تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور امن، سلامتی وخوشحالی کے فروغ کے مشترکہ عزم پر استوار ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور امریکی عوام کو امریکا کی آزادی کے 250 سال مکمل ہونے کے تاریخی موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ صدر مملکت نے امریکی صدر کے نام اپنے تہنیتی خط میں کہا کہ امریکا اپنی طاقت، جدت، آزادی، جمہوریت اور مساوی مواقع جیسے (بقیہ نمبر 18)

دریائے راوی کے قریب ٹریکٹر ٹرالی نے ایک شخص کو کچل دیا

لاہور (این این آئی) گوپے راہ دریائے راوی کے قریب ٹریکٹر ٹرالی نے ایک شخص کو کچل دیا۔ بتایا گیا ہے کہ ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے آنے والا شخص موقع پر دم توڑ گیا جس کی شناخت 65 سالہ محمد اسلم کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کردی۔

بڑے کاروباری رہنما پاکستان کو خوشحال معیشت بنا سکتے ہیں، سیف الرحمان

لاہور (اے ایف بی): وفاقی ٹیکس محتسب کے کوآرڈینیٹر سیف الرحمان نے کہا ہے کہ نجی شعبے کے "ٹاپ 1000 کلب کے بزنس لیڈرز 2060 تک فی کس آمدنی 1,900 ڈالر سے بڑھا کر 5,000 ڈالر تک پہنچانے اور ملکی خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں۔ اتوار کو یہاں تاجروں (بقیہ نمبر 19)

لاہور: چیلیں دوپہر کے وقت پیاس بجھانے کیلئے جیلانی پارک کی گراؤنڈ میں جمع پانی پی رہی ہیں

5 جولائی 1977 کا دن پاکستان کی جمہوری تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے

ضیاء دور کے فیصلوں کے اثرات پاکستان آج بھی بھگت رہا ہے، راجہ پرویز اشرف

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب قیادت نے 5 جولائی 1977 کی عوامی حکومت کا تختہ الٹنے کے خلاف 49 ویں یوم سیاہ پر اپنے مشترکہ پیغام میں کہا ہے کہ اس دن ذوالفقار علی بھٹو کی منتخب حکومت کا تختہ الٹ کر جمہوری سفر روک دیا گیا۔ صدر پیپلز پارٹی وسطی پنجاب راجہ پرویز اشرف نے اپنے پیغام میں کہا کہ مارشل لاء نے (بقیہ نمبر 20)

مون سون بارشوں سے قبل حفاظتی انتظامات کی تیاریاں مکمل

وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی جہلم کی تاریخ کے 8.5 ارب لاگت کے جدید سیوریج نظام پر کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایات

رواں سال بھی لاہور قلندرز کی ٹیم جہلم میں ٹیلنٹ ہنٹ کے لیے آئے گی اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا، بلال اظہر کیانی

جہلم (این این آئی) مون سون کی بارشوں میں ضلع جہلم میں پیشگی حفاظتی انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں جبکہ مستقبل میں جدید معیار کے سیوریج نظام کی تشکیل پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ علاقے میں ماضی کی طرح سیلاب کی تباہی سے اہل علاقہ کو بچایا جا سکے۔ مون سون بارشوں کے لئے حفاظتی انتظامات اور ساڑھے ارب روپے مالیت کے جدید سیوریج نظام سے متعلق جائزہ اجلاس وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں واسا، میونسپل کارپوریشن سمیت دیگر اداروں کے نمائندوں اور ضلعی (بقیہ نمبر 21)

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات، احسن اقبال اور لینڈو، فلوریڈا (امریکہ) میں ایک تقریب کے دوران پاکستانی نژاد امریکی کاروباری برادری کے ارکان سے خطاب کررہے ہیں

ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون کا مجھوہاں گاؤں میں شمولیتی جلسہ سے خطاب

بڑے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان، شرکاء کا خیر مقدم

مجھوہاں روڈ کی تعمیر کیلئے مزید ایک کروڑ پچاس لاکھ روپے جبکہ پانی کی فراہمی کی اسکیم کیلئے ایک کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز دینے کا اعلان

درجنوں افراد کا تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان، ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار

ایبٹ آباد (محمد نبیل ملک) مجھوہاں گاؤں میں منعقدہ شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون نے علاقے کی ترقی کے لیے مزید اہم منصوبوں کا اعلان کیا۔ ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے (بقیہ نمبر 9)

ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار خان اہلیان مجھوہاں سے خطاب کرتے ہوئے اور مجھوہاں گاؤں سے پاکستان تحریک انصاف میں شامل ہونے والے معززین علاقہ کے ساتھ گروپ فوٹو

سیف اللہ جھیل میں سیاحوں کی کشتی الٹنے کا واقعہ، کشتی آپریٹر گرفتار

سوات (اے ایف بی) سیف اللہ جھیل میں سیاحوں کی کشتی الٹنے کے واقعے کے بعد کشتی آپریٹر کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق کشتی آپریٹر کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جھیل حادثے میں لاپتا لڑکی کی تلاش کیلئے چوتھے روز بھی سرچ آپریشن جاری رہا۔ ریسکیو حکام کے مطابق کشتی الٹنے سے 6 افراد جاں (بقیہ نمبر 23)

خانیوال کے قریب شالیمار ایکسپریس کی بوگی پٹڑی سے اتر گئی

خوش قسمتی سے حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور تمام مسافر محفوظ رہے

ملتان (این این آئی) لاہور سے کراچی جانے والی 28 ڈان شالیمار ایکسپریس کی ایک بوگی خانیوال ریلوے اسٹیشن کے قریب پٹڑی سے اتر گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق بوگی پٹڑی سے اترنے کے باعث شالیمار ایکسپریس کو تقریباً ایک گھنٹے کی تاخیر کا سامنا کرنا پڑا، خوش قسمتی سے حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور تمام مسافر محفوظ رہے۔ حادثے (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی: آر ڈی اے کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت کی بنائی جانے والی راول فوریسٹ لائبریری انتظامیہ کی نااہلی کے باعث جنگل کا منظر پیش کررہی ہے

میاں گل رخ علی شاہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کی فوکل پرسن نامزد

نوجوانوں بالخصوص خواتین کے لیے بھرپور انداز میں کام کروں گی، میاں گل رخ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام نے ضلع نوشہرہ کے علاقے پیر پیائی سے تعلق رکھنے والی میاں گل رخ علی شاہ کو فوکل پرسن نامزد کردیا۔ میاں گل رخ علی شاہ، مرحوم خان بہادر شہزاد میر خان کی پڑنواسی ہیں، وہ خواتین کو بااختیار بنانے، (بقیہ نمبر 25)

مجھے پہلے لگتا تھا اثر ورسوخ صرف بھوانہ تک محدود ہے، مومنہ اقبال

اب محسوس ہوتا ہے ایم پی اے ہونے کا پورا فائدہ اٹھایا جارہا ہے، اداکارہ

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ مومنہ اقبال نے ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ کی عبوری ضمانت میں ایک بار پھر توسیع کے بعد قانونی کارروائی پر سوالات اٹھا دیئے۔ لاہور کی سیشن عدالت نے ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ کی عبوری ضمانت میں 13 جولائی تک توسیع کرتے ہوئے دونوں کو تحقیقات میں شامل ہونے کی ہدایت کی تھی (بقیہ نمبر 26)

خیبر پختونخوا کے ضلع نوشہرہ میں پہلی خاتون ڈی پی او تعینات

سونیا شمروز ایشیا کی اعلیٰ خاتون آفیسر کا ایوارڈ بھی اپنے نام کرچکی ہیں، رپورٹ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع نوشہرہ میں پہلی مرتبہ ایک خاتون کو ڈی پی او تعینات کر دیا گیا۔ سونیا شمروز برطانیہ سے کریمنالوجی میں انٹرنیشنل فیلوشپ حاصل (بقیہ نمبر 28)

لاہور فیکس بار کے زیر اہتمام سیمینار کے موقع پر بار کے صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری فاروق گجر، نائب صدر میاں عثمان جاوید اور دیگر سٹیج پر بیٹھے ہیں

موٹروے پولیس کی کارروائی، گندم کی غیر قانونی اسمگلنگ کی کوشش ناکام

برآمد ہونے والی گندم غیر قانونی طور پر پنجاب سے سندھ منتقل کی جارہی تھی، ترجمان

رحیم یار خان (این این آئی) موٹروے پولیس ایم 5 نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر گندم کی بھاری کھیپ پنجاب سے سندھ اسمگل کرنے (بقیہ نمبر 29)

مریم نواز سکول فار سپیشل چلڈرن سنٹر آف ایکسی لینس نارووال کا افتتاح

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر معاونِ خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے خصوصی تعلیم ثانیہ عاشق کا مریم نواز سکول فار سپیشل چلڈرن، نارووال کا افتتاح

صرف ایک شفیق ماں ہی خصوصی بچوں کیلئے ایسے فلاحی منصوبے متعارف کراسکتی ہے، پنجاب خوش قسمت ہے کہ اسے مریم نواز شریف جیسی دردمند وزیراعلیٰ ملی ہیں

نارووال/لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت مریم نواز سکول فار سپیشل چلڈرن، سنٹر آف ایکسی لینس نارووال کا افتتاح کردیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر معاونِ خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے خصوصی تعلیم ثانیہ عاشق نے مریم نواز سکول فار سپیشل چلڈرن، نارووال کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں خصوصی بچوں میں ہمت کارڈز اور (بقیہ نمبر 30)

محبت کی خاطر سرحد پار کرنے والا آزاد کشمیر کا نوجوان بھارتی قید سے رہا

لائن آف کنٹرول (این این آئی) آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والے نوجوان ذیشان میر کو بھارتی سکیورٹی فورسز نے تقریباً ایک ماہ بعد رہا کرکے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر پاکستان کے حوالے کر دیا۔ ذرائع (بقیہ نمبر 32)

لاہور ایئرپورٹ رن وے کی مخصوص اوقات میں بندش شروع

5 جولائی سے 15 ستمبر تک رن وے روزانہ صبح 5 بجے سے 8 بجے تک بند رکھا جائیگا

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ کے رن وے کو مخصوص اوقات میں بند رکھنے کے فیصلے پر عملدرآمد شروع کردیا گیا، پرندوں کی غیر معمولی تعداد اور ممکنہ برڈ اسٹرائیک کے خطرات کے پیش نظر رن وے کو دو ماہ 10 دن کے لیے روزانہ صبح کے مخصوص اوقات میں بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق 5 جولائی سے 15 ستمبر تک رن (بقیہ نمبر 31)

قیدیوں کے اہل خانہ کی سہولت کیلئے موبائل ایپلی کیشن متعارف

جس کے ذریعے شہری اب گھر بیٹھے قیدیوں سے ملاقات کے لیے وقت طے کرسکیں گے

نئی ایپ کا مقصد جیلوں میں آنے والے شہریوں کو جدید اور آسان سہولت فراہم کرنا ہے، حکومت پنجاب

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے قیدیوں کے اہل خانہ کی سہولت کے لیے موبائل ایپلی کیشن متعارف کرادی۔ جس کے ذریعے شہری اب گھر بیٹھے قیدیوں سے ملاقات کے لیے وقت طے کرسکیں گے۔ حکام کے مطابق نئی ایپ کا مقصد جیلوں میں آنے والے شہریوں کو جدید اور آسان سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ ملاقات کے لیے طویل انتظار اور غیر ضروری رش سے بچا جا سکے۔ ایپ کے ذریعے شہری اپنی سہولت کے مطابق ملاقات کا وقت مقرر کرسکیں گے جس سے جیلوں میں ملاقات کے نظام کو مزید منظم اور موثر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

لاہور: انارکلی چوک کے قریب لگائے گئے سٹالز پر ایک لڑکا اور لڑکی کتابیں دیکھ رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

غفلت اور حادثات

سوات کی سیف اللہ جھیل میں کشتی الٹنے سے ایک ہی خاندان کے چھ افراد کی المناک موت ہمارے ہاں سیاحتی نظام میں سنگین انتظامی کمزوریوں اور حفاظتی غفلت کا واضح ثبوت ہے۔ مبینہ طور پر اس بدقسمت کشتی میں سوار سیاحوں نے لائف جیکٹیں نہیں پہن رکھی تھیں۔ کشتی کے الٹنے کی وجہ جو بھی ہو مگر سیاحوں نے اگر معیاری لائف جیکٹیں پہنی ہوتیں تو اس حادثے سے بچنے کے امکانات کئی گنا زیادہ ہوتے۔ ان قواعد وضوابط پر عملدرآمد کی ذمہ داری سیاحوں کو سروسز مہیا کرنیوالوں پر عائد ہوتی ہے مگر اصل ذمہ داری علاقے کی انتظامیہ کی بنتی ہے جنہیں اپنی حدود میں ان قواعد پر عملدرآمد یقینی بنانا ہوتا ہے' مگر مقامی انتظامیہ کی جانب سے ایسے اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

اب سنتے ہیں کہ خیبر پختونخوا کی حکومت نے اس حادثے کی تحقیقات کیلئے کمیٹی قائم کی ہے جو کشتی آپریشن' اجازت نامے' حفاظتی تقاضوں' کشتی چلانیوالے کی اہلیت اور دیگر پہلوؤں کا جائزہ لے گی۔ مگر نگرانی' معائنے اور احتساب کا یہی نظام حادثے سے پہلے موجود ہوتا تو اس حادثے کی نوبت ہی نہ آتی۔ یہ سانحہ ایک انتباہ ہے کہ حفاظتی انتظامات کو سنجیدگی سے نہ لیا گیا تو ایسے حادثات مستقبل میں بھی رونما ہوتے رہیں گے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت وقتی کارروائیوں کے بجائے سیاحتی مقامات پر جامع حفاظتی انتظامات یقینی بنائے۔

اصحابِ فیل

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

قبیلہ قریش کے سردار عبدالمطلب اپنی بے مثال میزبانی اور فہم وفراست کی وجہ سے اپنی قوم کی آنکھوں کے تارے تھے آپ عظیم باپ کے بیٹے تھے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دس خوبصورت صحت مند کڑیل جوان بیٹے عطا کئے تھے۔ ایک دن آپ کعبہ میں حطیم میں تشریف فرما تھے آپ کے دس بیٹے شیروں کی طرح آپ کے گرد حلقہ بنائے بیٹھے تھے کہ ایک اعرابی وہاں سے گزرا اور یہ خوش گوار منظر دیکھ کر بے ساختہ بولا۔ اللہ تعالیٰ جب کوئی مملکت بنانا پسند کرتا ہو تو اس کے قیام کے لیے اِس قسم کے جوانمرد پیدا فرما دیا کرتا ہے۔ اور پھر عبدالمطب کی زندگی میں عظیم واقعہ پیش آیا جب ابرہہ نے خانہ کعبہ پر لشکر کشی کی۔ ابرہہ نے پہلے خوبصورت عظیم الشان گرجا تعمیر کیا گرجے کو ہیرے جواہرات سے مرصع کیا کہ دیکھنے والے کی آنکھیں خیرہ ہو جاتیں لیکن بیت اللہ کے شیدائیوں نے گرجے کو ایک نظر بھی اٹھا کر نہ دیکھا۔ ابراہہ کی خواہش تھی کہ اب لوگ خانہ کعبہ کی بجائے اس کے بنائے ہوئے گرجے کی پوجا کریں اب اس نے کعبہ کی زیارت کو آنے والے قافلوں کو روکنا شروع کر دیا۔ لیکن اس کی کوئی بھی کوشش کامیاب نہ ہوئی تو نفرت کی آگ میں جل کہا کہ اب میں خانہ کعبہ کو پیوند خاک کر دوں گا) نعوذ باللہ (خانہ کعبہ کو گرا دوں گا۔ یہ خبر پورے عرب میں آگ کی طرح پھیل گئی اور پھر ابراہہ) حبشی (والی یمن ایک کوہ پیکر ہاتھی پر سوار ہو کر اپنے ساتھ ہاتھیوں کا لشکر لے کر مکہ مکرمہ پر چڑھائی کے لیے نکلا۔ ابراہہ اپنے لشکر کے ساتھ طائف پہنچا یہاں کے باشندوں نے اِس کی اطاعت کی اب ابراہہ وادی مکہ میں آ کر ٹھہر گیا اور اپنے سواروں کا ایک دستہ اہل مکہ کی طرف بھیجا تا کہ وہ اہل مکہ کو خوفزدہ کر سکے اِس دستے نے خوب لوٹ مار کی لوگوں میں خوف وہراس پھیلایا۔ لوگوں کا بہت سارا مال اور جانور لوٹ کر لے گئے۔ اِن میں عبدالمطلب کے سو اونٹ بھی شامل تھے۔ پھر ابراہہ کا سپاہی حناط حمیری عبدالمطلب کے پاس گیا اور آپ کو لے کر ابراہہ کے پاس حاضر ہوا ابراہہ نے جب آپ کو دیکھا تو آپ کی بہت تعظیم کی تخت سے نیچے اتر کر قالین پر بیٹھ گیا اور عبدالمطلب کو بھی اپنے پہلو میں بیٹھا لیا اور پوچھا کیا کام ہے تو عبدالمطلب بولے آپ کے سپاہی میرے اونٹ لے آئے ہیں میں انہیں واپس لینے آیا ہوں تو ابراہہ بہت زیادہ حیران ہوا کہ تمھیں اپنے اونٹوں کی پرواہ ہے لیکن تمھیں خانہ کعبہ کا احساس نہیں ہے جس کو میں گرانے آیا ہوں جو تمھاری اور تمھارے آبا اجداد کی عبادت گاہ ہے تمھیں اس کی کوئی پریشانی نہیں ہے تو فہم وفراست کے مالک جناب عبدالمطلب نے کہا میں اپنے اونٹوں کا مالک ہوں اور میں انہیں ہی لینے آیا ہوں اور جس گھر کو تم گرانے آئے ہو اس کا بھی ایک مالک ہے اور وہ خود اس کی حفاظت کرے گا تو حبشی ابراہہ غرور سے بولا اب میرے شر سے کوئی بھی کعبہ کو نہیں بچا سکتا میں کعبے کی اینٹ سے اینٹ بجا دوں گا تو عبدالمطلب بولے تو جان اور کعبے کا مالک جانے۔ اِس کے بعد عبدالمطلب واپس مکہ گئے اور قریش کو سارے حالات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ ابراہہ کے پاس ہزاروں کا لشکر ہے جس کا ہم مقابلہ نہیں کر سکتے لہذا اب بہتر یہی ہے کہ آپ تمام لوگ مکہ سے نکل جائیں پہاڑوں غاروں اور بلند جگہوں پر چلے جائیں تا کہ اس کے عذاب سے محفوظ رہ سکیں۔ اور پھر اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ خانہ کعبہ آئے اور غلاف کعبہ پکڑ کر مالک دو جہاں خالقِ ارض وسما سے دعا کرنے لگے ابراہہ اور اس کے لشکر پر فتح کی دعا کرنے لگے۔ اے اللہ بندہ بھی اپنے کجاوے کی حفاظت کرتا ہے تو بھی اپنے گھر کی حفاظت فرما ایسا نہ ہو کہ اِن کی صلیب کل تیرے گھر پر غالب آ جائے اور نصب کر دی جائے اور اگر تو ان کو اور ہمارے قبیلہ کو آزاد چھوڑنے والا ہے تو جس طرح تیری مرضی ہو تو اِس طرح کر، اور پھر علامہ علی قاری کے بقول جب قریش حرم سے نکل گئے اور اصحابہ فیل نے حملہ کیا تو حضرت عبدالمطب نے کہا بخدا اللہ کے حرم سے ہرگز نہیں نکلوں گا تا کہ اس کے علاوہ کسی اور کے پاس عزت تلاش کروں میں تو اللہ تعالیٰ کے بدلے میں اور کسی چیز کا متمنی نہیں ہوں اور جب ابراہہ فوج اور ہاتھیوں کو روانہ کرنے کا حکم دیا تو جب ہاتھی کا منہ مکہ کی طرف کرتے وہ بیٹھ جاتا اور جب اس کا منہ کسی اور جانب کرتے تو وہ تیزی سے بھاگنا شروع کر دیتا جب مکہ کی طرف منہ کرتے وہ بیٹھ جاتا ہاتھی کو بہت مارا گیا وہ زخمی ہو گیا لیکن اس نے مکہ کی طرف بڑھنے سے انکار کر دیا۔ اِسی دوران سمندر کی طرف سے اللہ تعالیٰ نے ابابیلوں کے غول کے غول بھیجے جن کے منہ میں کنکریاں تھیں ایک منہ میں اور دو کنکریاں پنجوں میں ابراہہ کے لشکر پر آ کر کنکریوں کی بارش شروع کر دی کنکری کا سائز چنے اور مسور کے دانوں برابر تھا جس کے سر پر پڑتی اس کے فولادی خول کو چیرتی ہوئی اس کے جسم سے پار ہو جاتی لشکر میں بھگدڑ مچ گئی ان کو واپسی کا راستہ نہیں مل رہا تھا خدا کا ہولناک عذاب جاری تھا ابراہہ کے ہاتھی اور لشکری برباد ہوئے ابراہہ واپسی کی طرف بھاگا اس کی حالت بہت خراب تھی خطرناک بیماری کا شکار ہوا اس کا جسم گلنے لگا جسم میں پیپ پڑھ گئی جس سے غضب کی بو آتی آخر میں اس کا جسم پرندے کے چوزے جیسا ہو گیا آخر میں سینہ پھٹا دل نکلا اور وہ بھی پھٹ گیا وہ اِس طرح وہ اذیت ناک موت کا شکار ہوا۔ یہ واقعہ سرتاج الانبیا نبی کریم ﷺ کی پیدائش سے پچاس یا پچپن دن پہلے ماہ محرم میں پیش آیا اِس واقعے کی وجہ سے دنیا کی نگاہیں خانہ کعبہ کی طرف متوجہ ہو گئیں اقوام عالم کو شدت سے اندازہ ہو گیا یا قدرت کی طرف سے واضح پیغام دیا گیا کہ قیامت تک کے لیے اللہ تعالیٰ نے اِس گھر کو عزت واحترام کے لیے چن لیا ہے لہذا آئندہ اِس شہر سے کسی انسان کا دعویٰ نبوت اللہ کی مرضی کے عین مطابق ہوگا۔ قصہ اصحاب فیل میں ایک یہ بھی اشارہ تھا کہ اگر ابراہہ کا لشکر غالب آ جاتا تو سرور کائنات ﷺ کی قوم کو قید کر لیا جاتا اور وہ غلام بنا لیے جاتے اور سرتاج الانبیا ﷺ پر حمل وطفولیت کی حالت میں غلامی کا دھبہ لگ جاتا اللہ تعالیٰ نے کعبہ شریف کی عظمت اور حرمت کو قائم رکھا اور یہ واقعہ دو جہاں ﷺ کی نبوت کا پیش خیمہ تھا کیونکہ آپ ﷺ کے دین میں اِسی کعبہ کی تعظیم حج اور نماز کا حکم ہوا۔ ابراہہ اور اس کے لشکر کی تباہی اقوام عالم کے لیے واضح اشارہ تھا کہ صدیوں کے انتظار کے بعد اب سسکتی تڑپتی انسانیت جو ظلم وجبر اور جہالت کے سمندر میں غرق تھی اس کا مسیحا اب اِس شہر سے طلوع ہو گا جو قیامت تک آنے والے مجبوروں بے بسوں کا والی ہوگا بے آسروں کا آسمان ہوگا نسل انسانی کے سب سے بڑے انسان نبیوں کے سردار اور خدا کے محبوب وجہ تخلیق کائنات کا ظہور اب اِسی شہر سے ہوگا اور پھر یہ شہر قیامت تک اربوں انسانوں کی عبادت گاہ ہوگا۔

ایران کیلئے آبنائے ہرمز اہم کیوں ہے؟

ڈاکٹر رشید احمد خاں

ایران اور امریکہ کے مابین جنگ کے خاتمے اور مستقل بنیادوں پر امن کے قیام کیلئے پاکستان اور قطر کی ثالثی میں 18 جون کو 14 نکاتی مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر ڈیجیٹل دستخط ہوئے تھے۔ اس کے بعد 21 جون سوئٹزرلینڈ میں دونوں ممالک کے وفود کے درمیان ہونے والی ملاقات میں یہ طے پایا تھا کہ ایم او یو میں جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے ان پر ٹیکنیکل کمیٹیوں کی سطح پر تفصیلی بحث کی جائے گی۔ اسی عمل کو نتیجہ خیز بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان ایک جامع اور مستقل معاہدہ طے کرنے کیلئے 60 دن کی مدت مقرر کی گئی تھی۔ اس روڈ میپ کے طے پانے کے بعد امید کی جا رہی تھی کہ خلیج فارس اور مشرق وسطیٰ کے امن واستحکام کو ایران امریکہ تصادم سے جو شدید خطرات لاحق ہو گئے تھے' انہیں دور کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کا سلسلہ شروع ہو جائے گا لیکن بدقسمتی سے حالات اس کے برعکس رخ اختیار کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ اس کا واضح ثبوت آبنائے ہرمز کے مسئلے پر ایران اور امریکہ کے درمیان پیدا ہونے والی کشیدگی ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے ایک بیان کے مطابق امریکی طیاروں نے آبنائے ہرمز کے اطراف ایرانی ساحلی علاقوں میں واقع دفاعی تنصیبات پر حملے کیے اور انہیں تباہ کر دیا۔ جواباً ایران نے بحرین اور کویت میں قائم امریکی بحری اور فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا۔ اس دوران ایران اور امریکہ دونوں ایک دوسرے پر 18 جون کو طے پانیوالے ایم او یو کی خلاف ورزی کا الزام عائد کر رہے تھے۔ امریکہ کا مؤقف تھا کہ ایران نے آبنائے ہرمز سے گزرنیوالے بحری جہازوں' جن میں آئل ٹینکرز اور کارگو جہاز شامل ہیں' کی آزادانہ آمدورفت میں رکاوٹ ڈال دی ہے۔ دوسری جانب ایران نے امریکہ پر الزام عائد کیا کہ اس کے جنوبی ساحلی علاقوں پر کیے جانے والے امریکی فضائی حملے ایم او یو کی صریح خلاف ورزی ہیں جنہیں ایران کسی صورت برداشت نہیں کرے گا۔

ہوا یوں کہ امریکہ نے آبنائے ہرمز کے ایرانی حصے کے متبادل کے طور پر سلطنتِ عمان کے علاقائی سمندر سے گزرنے والی ایک نئی بحری گزرگاہ استعمال کرتے ہوئے کمرشل جہازوں کو وہاں سے گزارنے کی کوشش کی۔ اس پر ایران نے اس متبادل راستے کو استعمال کرنے والی تمام بحری کمپنیوں کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ وہ ایم او یو میں آبنائے ہرمز سے کمرشل جہازوں کی آمدورفت کو ریگولیٹ کرنے کیلئے طے شدہ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کر رہی ہیں اور اگر انہوں نے اپنی روش تبدیل نہ کی تو اپنے ہر قسم کے نقصان کی خود ذمہ دار ہوں گی۔ اسی دوران پاناما کے پرچم بردار ایک کمرشل جہاز نے ایرانی وارننگ کو نظرانداز کرتے ہوئے متبادل راستے سے گزرنے کی کوشش کی۔ اس پر آبنائے ہرمز میں سکیورٹی پر مامور ایرانی گارڈز نے اس پر فائرنگ کر دی جس سے جہاز کو نقصان تو پہنچا' تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور وہ جہاز اپنی منزل کی جانب گامزن رہا۔ اسکے بعد اسی نوعیت کی کوشش کرنیوالے دیگر جہازوں پر بھی' امریکہ کے بقول' ایران نے ڈرون حملے کیے جن میں سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق تین ڈرون مار گرائے گئے جبکہ ایک ڈرون ایک جہاز کے ڈیک کے اوپری حصے سے ٹکرا گیا جس سے جہاز کو معمولی نقصان پہنچا۔ اس واقعے کے بعد امریکی سینٹرل کمانڈ کے طیاروں نے ایران کے جنوبی ساحل پر واقع بندر عباس اور جزیرہ قشم میں موجود ایرانی دفاعی انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا۔ ان حملوں کے نتیجے میں ایسی صورتحال پیدا ہوئی کہ ایران نے تکنیکی مذاکرات میں شرکت سے انکار کر دیا اور مطالبہ کیا کہ اگر امریکہ طے شدہ روڈ میپ کے مطابق مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھنا چاہتا ہے تو اسے سب سے پہلے ایم او یو میں درج شرائط پر مکمل عمل کرنا ہوگا۔ ان شرائط میں سب سے اہم شرط یہ ہے کہ امریکہ آبنائے ہرمز پر ایران کے خودمختار حقوق کو تسلیم کرے۔

ایرانی حکام' جن میں صدر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی شامل ہیں' متعدد مواقع پر اپنے بیانات میں واضح کر چکے کہ آبنائے ہرمز ایران کا اٹوٹ حصہ ہے اور وہ اس پر اپنے خودمختار حقوق سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا۔ دوسری جانب امریکہ اور اس کے اتحادی آبنائے ہرمز کو ایک بین الاقوامی آبی گزرگاہ قرار دیتے ہیں' جہاں بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے تحت منظور شدہ متعدد کنونشنز اور قراردادوں کے مطابق ہر تجارتی اور بحری جہاز کو بلا روک ٹوک اور کسی بھی قسم کا محصول ادا کیے بغیر گزرنے کا حق حاصل ہے۔ آخر ایران آبنائے ہرمز پر اپنی حاکمیت قائم کرنے اور وہاں سے گزرنے والی بحری ٹریفک کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لینے پر کیوں مُصر ہے؟ اس سوال کا جواب نہایت واضح اور سادہ ہے۔ آبنائے ہرمز ایران کیلئے کسی بھی بیرونی جارحیت کا مقابلہ کرنے کا سب سے مؤثر اور طاقتور تزویراتی ہتھیار ہے۔ 28 فروری سے امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ اور تباہ کن حملوں کے سلسلے کو ناکام بنانے میں جس ہتھیار نے سب سے اہم کردار ادا کیا' وہ ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کی بندش تھی۔ اس اقدام کے نتیجے میں بین الاقوامی آئل مارکیٹ میں تیل کی رسد میں 20 سے 25 فیصد تک کمی واقع ہوگئی۔ عالمی منڈی اس شدید جھٹکے کیلئے بالکل تیار نہیں تھی۔ بالخصوص چین' جاپان' بھارت اور جنوبی کوریا جیسے ممالک' جن کی معیشتوں کا انحصار بڑی حد تک مشرق وسطیٰ سے درآمد ہونے والے تیل اور گیس پر ہے' ان کیلئے توانائی کی سپلائی کا اچانک متاثر ہونا ناقابلِ برداشت صورتحال اختیار کر گیا۔ اسی دباؤ کے نتیجے میں امریکہ' جسکے بارے میں صدر ٹرمپ بارہا یہ دعویٰ کرتے رہے ہیں کہ دنیا کا کوئی ملک جنگ کے میدان میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا' جنگ بندی پر آمادہ ہوا۔ اس کے علاوہ قطر' متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب بھی اپنی توانائی کی برآمدات کیلئے بڑی حد تک آبنائے ہرمز پر انحصار کرتے ہیں۔

آبنائے ہرمز کی بندش کو 1973-74ء کے آئل ایمبارگو سے تشبیہ دی جا سکتی ہے' جس نے نہ صرف پورے یورپ بلکہ امریکہ کو بھی تیل برآمد کرنے والے عرب ممالک کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا تھا۔ بہت سے ماہرین اور بین الاقوامی امور کے مبصرین کی رائے ہے کہ ایران آبنائے ہرمز پر اپنی حاکمیت اور کنٹرول سے ہرگز دستبردار نہیں ہوگا' کیونکہ اس کے نزدیک خطے میں جنگ دوبارہ کسی بھی وقت بھڑک سکتی ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ لبنان کی صورتحال ہے جہاں جنگ بندی کو ایم او یو کے تحت ایران اور امریکہ کے درمیان طے پانے والی جنگ بندی سے منسلک کر دیا گیا تھا لیکن اس کے باوجود اسرائیل نہ صرف جنوبی لبنان میں اپنی فوجی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے بلکہ حال ہی میں واشنگٹن میں امریکہ' لبنان اور اسرائیل کے درمیان طے پانے والے سہ فریقی معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جنوبی لبنان سے اپنی فوجیں واپس بلانے سے بھی انکار کر چکا ہے۔ لبنان ایک ایسا حساس معاملہ ہے جو کسی بھی وقت ایران اور اسرائیل کے درمیان ایک نئی جنگ کا پیش خیمہ بن سکتا ہے کیونکہ ایران پہلے ہی واضح کر چکا کہ لبنان پر اسرائیل کے مسلسل حملوں کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا۔

دوسری جانب اگرچہ ایم او یو پر دستخط ہو چکے اور ایران وامریکہ کے درمیان ٹیکنیکل کمیٹیوں کی سطح پر مذاکرات شروع کرنے پر بھی اتفاق کیا جا چکا' اس کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان عدم اعتماد کی خلیج بدستور بہت گہری ہے۔ صدر ٹرمپ کی لحہ بہ لحہ تبدیل ہوتی ہوئی پالیسی' غزہ اور دریائے اردن کے مغربی کنارے میں فلسطینیوں پر اسرائیلی فوج اور یہودی آبادکاروں کے مسلسل حملے' نیز پورے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی ایسے عوامل ہیں جو کسی نئی جنگ کے خدشے کو مکمل طور پر رد نہیں کرتے۔ ان تمام حالات کے پیش نظر ایران اس بات پر آمادہ نظر نہیں آتا کہ وہ امریکہ یا اسرائیل کی جانب سے کسی ممکنہ نئے حملے کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنے سب سے مؤثر تزویراتی ہتھیار' یعنی آبنائے ہرمز پر کنٹرول کے آپشن' سے دستبردار ہو جائے۔

SPORTS سپورٹس

پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ

سندھ بی، بلوچستان، اسلام آباد اور پنجاب بی نے اپنے اپنے میچز جیت لئے

اسلام آباد (این این آئی) پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ 2026 کے چوتھے روز سندھ بی، بلوچستان، اسلام آباد اور پنجاب بی نے اپنے اپنے میچز جیت لئے۔ اتوار کو پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام الاسکا بیٹریز، پی ٹی سی ایل اور پارکو کے تعاون سے نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم اسلام آباد میں 2 تا 10 جولائی تک جاری پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ 2026 کے چوتھے روز چار میچز کھیلے گئے۔ پہلا میچ سندھ بی اور مردان ویمن اکیڈمی کے مابین کھیلا گیا جو کہ سندھ بی نے 0-10 سے جیت لیا۔ سندھ ب کی جانب سے امنہ فاطمہ نے 6، اشرا نے دو جبکہ عزت اور لاریب نے ایک ایک گول سکور کیا۔ دوسرا میچ بلوچستان اور سندھ اے مابین کھیلا گیا جو کہ بلوچستان نے 0-1 سے جیت لیا۔ بلوچستان کی جانب سے واحد گول رومال نے سکور کیا۔ تیسرا میچ اسلام آباد اور پی کے بی کے مابین کھیلا گیا جو کہ اسلام آباد نے 0-1 سے جیت لیا۔ اسلام آباد کی جانب سے واحد گول جویریہ عزیز نے سکور کیا چوتھا۔

شان مسعود کی قیادت میں نتائج نہیں آ رہے تھے، عاقب جاوید

کوئی بھی کرکٹ بورڈ یا سلیکشن کمیٹی یہ نہیں چاہے گی کہ کپتان ایک سیریز کے لیے ہو



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے کہا ہے کہ کپتان کی بھی کوئی ذمہ داری ہوتی ہے، شان مسعود کی قیادت میں اس طرح نتائج نہیں آ رہے تھے جس طرح کی توقع تھی۔ مصباح الحق اور اسد شفیق کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عاقب جاوید نے کہا کہ شان مسعود کی اپنی کارکردگی اچھی رہی ہے لیکن ان کی قیادت میں ٹیم کی کارکردگی اچھی نہیں تھی، اب کوشش کی ہے کہ تبدیلی لائے جائے تا کہ ٹیم کے نتائج اچھے ہوں، فاسٹ بولرز کی اسپیڈ ہمارے لیے فکرمندی کی بات ہے۔ عاقب جاوید نے کہا کہ کوئی بھی کرکٹ بورڈ یا سلیکشن کمیٹی یہ نہیں چاہے گی کہ کپتان ایک سیریز کے لیے ہو، مسلسل کے ساتھ موقع ملنا چاہیاور یہ موقع پرفارمنس کے ساتھ ملتا ہے، اگر سب اچھا جا رہا ہو تو پھر تبدیل کرنے کی ضرورت تو نہیں، ہم تو یہی چاہیں گے کہ جس کو بھی موقع ملے دو تین سال کے لیے موقع ملے۔

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام پنجاب سٹیڈیم میں سی ایم پنجاب انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ 2026 کے سیمی فائنل کبڈی کے مقابلے کا منظر۔ (فوٹو: این این آئی)

دورہ عمان کیلئے انڈر 21 ہاکی ٹیم کے 20 رکنی اسکواڈ کا اعلان

اسٹرائیکر حمزہ فیاض پاکستان انڈر 21 ہاکی ٹیم کے کپتان اور سمیع اللہ نائب کپتان مقرر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نیدورہ عمان کیلئے انڈر 21 ہاکی ٹیم کے 20 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم، اسلام آباد میں منعقد ہونے والے کامیاب ٹرائلز کے بعد دورہ عمان 2026 کے لیے پاکستان انڈر 21 ہاکی ٹیم کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی کی منظوری کے بعد چیئرمین سلیکشن کمیٹی اولمپین سمیع اللہ خان، ممبران اولمپین ناصر علی، اولمپین نعیم اختر، اولمپین کاشف جواد اور اولمپین ایم خالد کی سفارشات کی روشنی میں 20 رکنی اسکواڈ کے ناموں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ دورہ عمان کے لیے منتخب ہونے والی ٹیم کی قیادت مایہ ناز اسٹرائیکر حمزہ فیاض کریں گے جبکہ سمیع اللہ کو ٹیم کا نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ منتخب کھلاڑیوں میں گول کیپر زاحتشام خان، احسن محمود، ڈیفنڈرز میں عبداللہ فاروق، اسام حیدر، ایم زین، ہاف بیکس میں علی حمزہ، علی رضا، علی مہدی، علی انصار، سمیع اللہ (نائب کپتان)، عزیر خان، مڈ فیلڈرز میں سیف اللہ، محمد شہیر، یحییٰ نجیب، حمیر ارشد، اسٹرائیکرز (فارورڈز) میں حمزہ فیاض (کپتان)، غلام مصطفیٰ، ایم احمد، سیف احمد اور حسن شامل ہیں۔

بھارتی والی بال ٹیم کو پاکستان آمد کے لیے این او سی جاری

کاوامینز والی بال چیمپئن شپ 22 سے 29 جولائی تک اسلام آباد میں منعقد ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اسپورٹس ڈپلومیسی کے تحت اہم فیصلہ کرتے ہوئے بھارتی والی بال ٹیم کو پاکستان آمد کے لیے این او سی جاری کر دیا جس کے بعد بھارت کی سینٹرل ایشین والی بال چیمپئن شپ میں شرکت کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ پاکستان والی بال فیڈریشن کے چیئرمین چوہدری محمد یعقوب نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ حکومت نے بھارتی ٹیم کے لیے این او سی جاری کر دیا ہے اور بھارت کو بھی باضابطہ طور پر اس فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بھارتی ٹیم شیڈول کے مطابق پاکستان آ کر ایونٹ میں شرکت کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ کاوامینز والی بال چیمپئن شپ 22 سے 29 جولائی تک اسلام آباد میں منعقد ہوگی جس کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ چیمپئن شپ پاکستان میں ہونے والے بڑے بین الاقوامی والی بال مقابلوں میں سے ایک ہوگی جو ملک میں والی بال کے فروغ اور قومی ٹیم کو عالمی معیار کی ٹیموں کے خلاف کھیلنے کا بہترین موقع فراہم کرے گی۔

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام پنجاب سٹیڈیم میں سی ایم پنجاب انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ 2026 کے سیمی فائنل کبڈی کے مقابلے کا منظر۔ (فوٹو: این این آئی)

مراکش اور کینیڈا کا رف گیم، ریفری نے 8 یلو کارڈ دکھا دیے

ہوسٹن (این این آئی) فٹ بال ورلڈ کپ میں مراکش اور میزبان کینیڈا کے درمیان کھیلے گئے پہلے پری کوارٹر فائنل میں کھلاڑیوں کی جانب سے خاصا فاؤل پلے دیکھنے میں آیا جس کے نتیجے میں ریفری نے پہلے ہاف میں کھلاڑیوں کو چھ یلو کارڈ دکھائے، میچ میں مجموعی طور پر آٹھ یلو کارڈ کھلاڑیوں کو ملے۔ میگا ایونٹ کا پہلا پری کوارٹر فائنل ہوسٹن میں کھیلا گیا جس میں مراکش اور کینیڈا کے کھلاڑیوں کے درمیان رف گیم دیکھنے میں آیا۔ پہلے ہاف کے 40 ویں منٹ میں مراکش کے اشرف حکیمی اور کینیڈا کے رچی لریا کو یلو کارڈ دکھائے گئے، کینیڈا کے جوناتھن ڈیوڈ کو 43 ویں منٹ میں یلو کارڈ ملا، مراکش کے گول اسکورر اونہائی کو فاؤل کرنے کے نتیجے میں ریفری نے 45 ویں منٹ میں یلو کارڈ دکھایا۔ اس سے قبل کھیل کے بیسویں منٹ میں مراکش کے ریڈ نے بلال کو ریفری نے یلو کارڈ دکھایا۔ دوسرے ہاف میں مراکش کے بلال اور کینیڈا کے لیوک ڈی اور کائل لارین کو یلو کارڈ ملے۔ واضح رہے کہ ایک میچ میں سب سے زیادہ یلو کارڈ کا ریکارڈ ارجنٹینا اور نیدرلینڈز کے درمیان کھیلے گئے

SHOWBIZ شوبز

سحر ہاشمی رومانوی مناظر کے باعث تنقید کی زد میں آ گئیں

بعض صارفین ان کا موازنہ بھارتی اداکار عمران ہاشمی سے کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ سحر ہاشمی ایک بار پھر اپنے حالیہ ڈراموں میں رومانوی مناظر کے باعث تنقید کی زد میں ہیں۔ ڈرامہ ''ظلم'' سے اینیشوبز کیریئر کا آغاز کرنیوالی سحر ہاشمی متعدد کامیاب ڈراموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں اور ان دنوں بھی مختلف پراجیکٹس میں اپنی پرفارمنس کیباعث توجہ حاصل کر رہی ہیں۔ اس سے قبل بھی ڈرامہ ''من مست ملنگ'' کیچند رومانوی مناظر سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد اداکارہ کو تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا، اب انکیحالیہ ڈراموں زنجیریں اور شیدائی کے بعض مناظر پر بھی صارفین مختلف آرا کا اظہار کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر بعض صارفین انکیرومانوی مناظر پر اعتراض کرتے ہوئے ان کا موازنہ بھارتی اداکار عمران ہاشمی سے کر رہے ہیں، جبکہ دیگر مداح ان کی اداکاری کو کردار کا حصہ قرار دیتے ہوئے ان کی حمایت بھی کر رہے ہیں۔

اپنی مٹی سے جڑے رہنا ہمیشہ سے اچھا لگتا ہے' میگھا

پنجابی فلموں کی کامیابی کے بغیر پاکستانی فلم انڈسٹری کی حقیقی کامیابی ممکن نہیں' انٹرویو

لاہور (این این آئی) ناموراداکارہ میگھا نے کہا ہے کہ اپنی مٹی سے جڑے رہنا ہمیشہ سے اچھا لگتا ہے کیونکہ یہی میری اصل شناخت ہے، دنیا کے کئی ممالک جا چکی ہیں اور ہر جگہ پاکستان کے سفیر کا کردار ادا کیا۔ ایک انٹرویو میں میگھا نے کہا کہ گلوکار عباس جٹ کے ساتھ جتنا بھی کام کیا ہے وہ بیحد کامیاب رہا اور شائقین نے ہماری جوڑی کو بھرپور پذیرائی دی۔ انہوں نے فلمسازوں پر زور دیا کہ وہ اردو فلموں کے ساتھ ساتھ پنجابی فلموں پر بھی خصوصی توجہ دیں۔ پنجابی فلموں کی کامیابی کے بغیر پاکستانی فلم انڈسٹری کی حقیقی ترقی اور کامیابی

بقیہ 1

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کمشنر راولپنڈی ڈپٹی کمشنر جہلم اور ایکسین کو فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق کھیوڑہ شہر میں مین روڈ کے ساتھ ٹف ٹائل کا ناقص کام زور و شور سے جاری کھیوڑہ شہر ن لیگی رہنماؤں کی ترقیاتی منصوبے میں عدم دلچسپی اور محکمہ ہائی وے کے انجینیر ٹھیکدار کو ناقص کام کرنے کی کھلی چھٹی دے رکھی ہے ٹف ٹائل کے نیچے ناقص کنکریٹ کی جو ایک بارش کی نظر ہو گئی ٹھیکدار نے دوبارہ کنکریٹ کرنے کی بجائے ٹف ٹائل کے نیچے ریت تقریباً "6 سے "8 ڈالی جاری ہے ناقص کام کی وجہ سے قومی خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے پہلے لگی ٹف ٹائل کا کوئی لیول نہیں ساری ٹائل اپ ڈاون لگی ہوئی ہے اور کافی ٹائلز ٹوٹ بھی چکی ہیں اعلیٰ احکام فوری نوٹس لیں اور ناقص کام میں ملوث افسران اور ٹھیکدار کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے تاکہ قومی خزانے کو نقصان نہ ہو اور معیاری کام ہو تا کہ ٹف ٹائلز کچھ ٹائم نکال سکے کیوں کہ اس سے قبل شہر کا مین روڈ کھیوڑہ سے چوآ سیدن شاہ روڈ چند ماہ قبل بنائے گئے ہیں مگر ناقص میٹریل سے تیار ہونے والے روڈ بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہے ہیں جس سے قومی خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوگا اعلیٰ احکام کو چاہیے کہ ایسے غیر معیاری کاموں کی تعمیر میں ٹھیکداروں کے ساتھ ساتھ چیک اینڈ بیلنس کو چیک کرنے والے افسران کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کریں تاکہ قومی خزانے کو بھاری نقصان سے بچایا جائے

بقیہ 2

جذبات مجروح کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی اور مقدسات اسلام کے احترام پر کوئی سمجھوتہ قابلِ قبول نہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین، جن میں علامہ سعید اختر صدیقی، علامہ سجاد حسین قادری، علامہ بشیر احمد نقشبندی، علامہ محمد وقاص چشتی، علامہ شبیر احمد رضوی، علامہ محمد تنویر وارثی، علامہ فیضان احمد صدیقی، علامہ مفتی عبدالماجد سیالوی، آصف محمود عطاری، علامہ خرم شہزاد جلالی، قاری محمد اسرار چشتی، ملک یاسر جمال، قاضی اسرار حسین قریشی اور علامہ عادل شہزاد رضوی سمیت دیگر رہنما شامل تھے، نے کہا کہ تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی تقاضا ہے اور آزادیٔ اظہار کی آڑ میں مذہبی مقدسات کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث تمام ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور جیو نیوز قوم سے اعلانیہ اور غیر مشروط معافی مانگے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر مطالبات پر عمل درآمد نہ ہوا تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور ملک بھر میں آئینی، قانونی اور پرامن انداز میں احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ احتجاجی مظاہرے کے اختتام پر ناموسِ رسالت ﷺ کے تحفظ، امتِ مسلمہ کے اتحاد، پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 3

احمد سومرو نے کی۔ ریلی گھنٹہ گھر چوک سے شروع ہوئی اور شہر کے مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے پریس کلب پہنچی۔ اس دوران کارکنوں نے پارٹی پرچم اور مختلف مطالبات پر مشتمل پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جبکہ سندھ حکومت کی پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی مظاہرے سے خطاب اور بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پارٹی رہنماؤں نے سندھ حکومت کے بجٹ کو عوام دشمن قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ بجٹ میں عام آدمی، مزدور، کسان، سرکاری ملازمین اور متوسط طبقے کو کوئی حقیقی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور بجلی کے بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، مگر حکومت عوامی مسائل کے حل کے بجائے دعوؤں اور اعلانات تک محدود ہے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کی جائے تاکہ مہنگائی پر قابو پایا جا سکے اور عوام کو فوری ریلیف ملے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے وسائل سندھ کے عوام پر خرچ ہونے چاہییں اور ترقیاتی فنڈز کو صوبے کے بنیادی انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، سڑکوں اور نکاسیٔ آب کے منصوبوں پر استعمال کیا جائے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سندھ حکومت پنجاب میں اسپتالوں کی تعمیر کے نام پر 300 ارب روپے منتقل کر رہی ہے، جبکہ انہیں خدشہ ہے کہ یہ وسائل دیگر منصوبوں پر خرچ کیے جا سکتے ہیں، جس سے سندھ کے مفادات متاثر ہوں گے۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ سندھ کے وسائل اور ترقیاتی بجٹ کو صرف سندھ کے عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ سندھ اس وقت بجلی کے شدید بحران کا شکار ہے اور گڈو تھرمل پاور ہاؤس کی بندش کے باعث کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام طویل لوڈشیڈنگ، پینے کے صاف پانی کی قلت، سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی کمی اور تعلیمی اداروں کی زبوں حالی جیسے سنگین مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، مگر حکومت ان بنیادی مسائل کے حل میں ناکام دکھائی دیتی ہے۔ انہوں نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں صرف سات فیصد اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کم از کم بیس فیصد اضافے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں ملازمین کے لیے یہ اضافہ ناکافی ہے۔ احتجاج کے اختتام پر سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوامی مسائل کے حل، بجلی کے بحران کے خاتمے، مہنگائی میں کمی اور سندھ کے حقوق کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر مطالبات پر عمل درآمد نہ کیا گیا تو احتجاجی تحریک کو مزید وسعت دی جائے گی اور پورے سندھ میں بھرپور عوامی احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 5

نے کہا کہ امت مسلمہ اس وقت انتہائی نازک حالات سے گزر رہی ہے، اس لیے تمام مسلمانوں کو مسلکی اور فروعی اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد و یگانگت کا عملی مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر امت متحد نہ ہوئی تو اسلام دشمن قوتیں اپنے مذموم عزائم میں کامیاب ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے حالیہ مذہبی حساسیت سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام دشمن عناصر کی جانب سے وقتاً فوقتاً ایسے اشتعال انگیز اقدامات کیے جاتے ہیں جن سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایسے عناصر کے خلاف فوری، مؤثر اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے تاکہ معاشرے میں انتشار پیدا نہ ہو۔ اس موقع پر جمعیت علمائے اسلام (سمیع الحق گروپ) کے قائد مولانا عبدالحق ثانی نے خطاب کرتے ہوئے جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک اور آستانہ عالیہ بھنگالی شریف کے دیرینہ تعلقات کا ذکر کیا اور کہا کہ دربار بھنگالی شریف نے ہمیشہ اتحادِ امت، اخوت، محبت اور دینی خدمات کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ صاحبزادہ سید اسد اللہ شاہ ہمدانی نے آستانہ عالیہ بھنگالی شریف کا تعارف پیش کیا اور دربار کی دینی، روحانی اور سماجی خدمات پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں پیر سید سلطان علی شاہ ہمدانی، پیر سید اقرار حسین شاہ ہمدانی، سادات ہمدانیہ، مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام، سیاسی و سماجی شخصیات اور ملک بھر سے آنے والے ہزاروں عقیدت مند شریک ہوئے۔ اس موقع پر جامع مسجد مخدوم عباس شاہ بھنگالی شریف کی تعمیرِ نو کا سنگِ بنیاد بھی رکھا گیا، جس پر باقاعدہ تعمیراتی کام جلد شروع کیا جائے گا۔ عرس مبارک کی اختتامی دعا میں پیر سید مخدوم عباس محمد شاہ ہمدانی نے عالمِ اسلام، بالخصوص فلسطین اور کشمیر کے مسلمانوں، پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی، خوشحالی اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کرائی۔

بقیہ 6

باوجود دونوں نوجوانوں کی لاشیں برآمد نہیں ہو سکیں، جس کے باعث علاقے میں غم و افسوس کی فضا قائم ہے عینی شاہدین کے مطابق ڈالسن گاڑی معمول کے مطابق شاہی واہ کے خشہ حال پل سے گزر رہی تھی کہ پل کی انتہائی خراب حالت کے باعث گاڑی کا توازن بگڑ گیا اور وہ سیدھی نہر میں جا گری۔ حادثہ پیش آتے ہی قریبی دیہات کے لوگ بڑی تعداد میں موقع پر پہنچ گئے اور اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں مقامی افراد نے فوری کوشش کرتے ہوئے پانچ افراد کو نہر سے زندہ باہر نکال لیا، جبکہ دو نوجوان، نصیب اللہ ولد محمد صلاح گولو اور لطو ولد غلام نبی گولو، جو گاؤں پیار خان گولو کے رہائشی تھے، پانی کے تیز بہاؤ میں بہہ گئے۔ بعد ازاں مقامی افراد نے مسلسل کوششوں کے بعد ڈالسن گاڑی کو بھی نہر سے باہر نکال لیا، تاہم دونوں نوجوانوں کا کوئی سراغ نہ مل سکا حادثے کے بعد متاثرہ خاندانوں میں کہرام مچ گیا، جبکہ اہل خانہ اور عزیز و اقارب موقع پر پہنچ کر اپنے پیاروں کی تلاش میں بے بسی کے عالم میں روتے رہے۔ مقامی افراد کئی گھنٹوں تک نہر میں تلاش کرتے رہے، لیکن کامیابی حاصل نہ ہو سکی علاقہ مکینوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ حادثے کی اطلاع ملنے کے باوجود متعلقہ انتظامیہ اور ریسکیو ادارے بروقت موقع پر نہیں پہنچ سکے، جس کے باعث ابتدائی امدادی کارروائیاں مکمل طور پر مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت انجام دیں۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ اگر بروقت ماہر غوطہ خور اور ریسکیو ٹیمیں پہنچ جاتیں تو ممکن تھا کہ قیمتی جانیں بچائی جا سکتیں یا کم از کم تلاش کا عمل زیادہ مؤثر انداز میں جاری رہتا مقامی لوگوں نے بتایا کہ رسالدار شاہی واہ کی یہ پل عرصہ دراز سے انتہائی خستہ حالی کا شکار ہے اور متعدد بار متعلقہ حکام کو اس کی مرمت یا از سرِ نو تعمیر کے لیے درخواستیں دی جا چکی ہیں، مگر کسی بھی سطح پر سنجیدہ اقدامات نہیں کیے گئے۔ ان کا کہنا ہے کہ پل کی ٹوٹ پھوٹ اور حفاظتی انتظامات کے فقدان کے باعث یہاں ہر وقت کسی بڑے حادثے کا خدشہ رہتا ہے، مگر ذمہ دار اداروں کی عدم توجہی کے باعث عوام کی جان و مال مسلسل خطرے میں ہے۔

متاثرہ خاندانوں، سماجی رہنماؤں اور علاقہ مکینوں نے سندھ حکومت، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر ماہر غوطہ خوروں پر مشتمل ریسکیو آپریشن شروع کیا جائے تاکہ ڈوبنے والے دونوں نوجوانوں کی لاشیں جلد از جلد برآمد کر کے ورثا کے حوالے کی جا سکیں۔ انہوں نے حکومت سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ رسالدار شاہی واہ کی خستہ حال پل کی فوری بنیادوں پر تعمیر و مرمت کی جائے اور حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے دلخراش اور افسوسناک حادثات کا سدِ باب ممکن ہو سکے علاقے کے عوام نے اس سانحے کو انتظامی غفلت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور عوام کی جانوں کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ مزید قیمتی انسانی جانیں ضائع ہونے سے بچائی جا سکیں

بقیہ 7

ہیں۔ بجلی غائب تو گیس بھی نایاب ہو چکی ہے، اور رہی سہی کسر پانی کے شدید بحران نے پوری کر دی ہے جہاں سرکاری پینے کے صاف پانی کی بوند بوند کو عوام ترس چکے ہیں۔ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان شفاخانے کے بجائے ذلت اور رسوائی کا گڑھ بن چکا ہے، جہاں علاج معالجے کی بنیادی سہولیات تک دستیاب نہیں اور مریض سسکتے ہوئے دم توڑنے پر مجبور ہیں۔ جبکہ دوسری جانب ایل پی جی مافیا نے اوگرا کے سرکاری نوٹیفکیشن کو ردی کی ٹوکری میں پھینک کر لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے اور غریب شہری مہنگے داموں سلنڈر خریدنے پر مجبور ہیں۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ پٹرولیم مصنوعات میں نمایاں کمی کے باوجود اشیائے خوردونوش، پھلوں اور سبزیوں، بیف، مٹن، چکن کے نرخ آسمان سے باتیں کر رہے ہیں، عوامی جیبوں پر ڈاکا ڈالنے کے لیے لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں مبینہ کرپشن کا ناسور عروج پر ہے، جہاں رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا۔ ان تمام روح فرسا مسائل، لٹتے ہوئے عوام اور سسکتی ہوئی زندگیوں کے باوجود مقامی سیاسی رہنماؤں کی مجرمانہ چشم پوشی اور عدم دلچسپی حکومتی ایوانوں پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔ عوامی مینڈیٹ لے کر اسمبلیوں کی زینت بننے والے نمائندے آج اسمبلی فلور پر گوجر خان کی آواز اٹھانے سے بالکل قاصر ہیں اور اہلیانِ گوجر خان اس بدترین دور میں بے یار و مددگار کسی مسیحا کے منتظر ہیں۔ حکومتِ وقت اور اعلیٰ حکام فوری طور پر اس ظلم کا نوٹس لیں، ورنہ عوامی صبر کا پیمانہ لبریز ہونے پر لگنے والی آگ ایوانوں تک پہنچ جائے گی۔

بقیہ 8

(انٹرمیڈیٹ) تک تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے منصوبے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ یہ اقدام محض تعلیمی سہولیات میں اضافہ نہیں بلکہ محنت کش طبقے کے لیے ریاست کے اعتماد، احترام اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ یہ تاریخی اقدام وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کے اس عزم کا عملی اظہار ہے کہ ملک کے ہر محنت کش خاندان کو ترقی اور خوشحالی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا: "پاکستان کی ترقی صرف صنعتوں سے وابستہ نہیں، بلکہ اُن محنت کشوں کے بچوں کی تعلیم سے جڑی ہوئی ہے جو ان صنعتوں کو اپنے خون پسینے سے چلائے رکھتے ہیں۔ آج ہم صرف ایک لاکھ مزید بچوں کو تعلیمی سہولت فراہم نہیں کر رہے، بلکہ ایک لاکھ خاندانوں کو امید، وقار اور بہتر مستقبل دے رہے ہیں۔" وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے، نہ کہ کسی مخصوص طبقے کا استحقاق۔ محنت کشوں کے بچوں کو بھی وہی مواقع حاصل ہونے چاہئیں جو معاشرے کے دیگر بچوں کو میسر ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اس منصوبے کے ذریعے ملک بھر میں تعلیمی رسائی کو مزید وسعت دی جائے گی تاکہ کوئی بھی مستحق بچہ محض مالی مشکلات کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہ رہے۔ چوہدری سالک حسین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ کو ایک جدید، مؤثر اور عوام دوست ادارہ بنایا جائے گا، جہاں ہر پالیسی اور ہر اقدام کا مرکز محنت کش اور اس کا خاندان ہوگا۔ انہوں نے اپنے پیغام کے اختتام پر کہا: "جس ہاتھ نے پاکستان بنایا، اب اُس کے بچے پاکستان کا مستقبل لکھیں گے۔" ایک لاکھ خواب، ایک تاریخی فیصلہ، ایک روشن پاکستان۔

بقیہ 9

افتخار احمد خان جدون نے مجھوہاں روڈ کی تعمیر کے لیے مزید ایک کروڑ پچاس لاکھ روپے جبکہ پانی کی فراہمی کی اسکیم کے لیے ایک کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز دینے کا اعلان کیا۔ بیس لاکھ روپے کے فنڈز سے ڈورورک روڈ کا کام مکمل ہو گیا ہے ،انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی دونوں رہنماؤں نے اپنے ترقیاتی فنڈز سے روڈ کی تعمیر کے لیے ایک کروڑ پینسٹھ لاکھ روپے کے کی منظوری دی تھی، جن کے ٹینڈر آئندہ ہفتے جاری کیے جائیں گے، جس کے بعد ان منصوبوں پر باقاعدہ عملی کام کا آغاز کر دیا جائے گا۔ جلسے کے دوران درجنوں افراد نے پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار احمد خان جدون کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر تحصیل صدر احمد نواز خان، نبیل عباسی، فیصل خان کرنگل، چیئرمین اشرف قریشی، ساجد قریشی، چودھری رافع، وحید تنولی، سردار طارق، جمعہ خان، ایمل خان، ملک ثاقب اعوان، ساجد شاہ، سفیر شاہ، تحصیل یوتھ ونگ صدر بلال خان، فخر خان، جمعہ خان سلیمان خیل، ایوب خان لالا اور دیگر معززین اور پارٹی ورکرز نے بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ شرکاء نے ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی کا سفر مزید تیزی سے جاری رکھا جائے گا، جبکہ پاکستان تحریک انصاف کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بھی بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 10

کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی کام بل پر عوام اور پارلیمان کو آگاہ کرنا انتہائی ضروری تھا، ٹیلی کام کا پرانا قانون موجودہ دور کی ضروریات سے مطابقت نہیں رکھتا تھا، بل کا مقصد وزیراعظم کے وژن کے مطابق انٹرنیٹ کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور آئی ٹی منسٹر میری یہ ذمہ داری ہے کہ تیز ترین انٹرنیٹ کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی بل 6 مہینے تک قومی اسمبلی میں پڑا رہا، بل کو سینیٹ سے کمیٹی میں بھیج کر روکا گیا جو کہ جمہوریت کا حسن ہے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ بل کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ کسی کی پرائیویٹ لینڈ (ذاتی زمین) پر قبضہ کیا جائے گا، بل کو لے کر میرے اور سیکریٹری آئی ٹی کے خلاف بلاوجہ میڈیا میں واویلا مچایا گیا، وزیراعظم سے کہا کہ بل کے حوالے سے لگائے گئے الزامات کی انکوائری کرائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے دنیا کی سب سے بڑی اسپیکٹرم نیلامی کی، اتفاق رائے کے ساتھ قانون سازی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھ پر اور سیکریٹری آئی ٹی پر بے بنیاد مالی فائدے حاصل کرنے کے الزامات لگائے گئے، ہم اپنے خلاف لگائے گئے مالی الزامات پر قانونی کارروائی کا پورا حق رکھتے ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ٹیلی کام بل کو لے کر میڈیا میں بے جا تشہیر کی گئی، یہ تاثر بالکل غلط ہے کہ بل کے ذریعے کسی کی پرائیویٹ پراپرٹی پر قبضہ ہونے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بل کی آڑ میں وزیر آئی ٹی اور سیکریٹری آئی ٹی پر مالی فائدے کے الزامات لگائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے وژن کے مطابق ملک بھر میں انٹرنیٹ پہنچانا وزارت آئی ٹی کی ذمہ داری ہے، کمیٹی کو کسی کو نوازے جانے کے شواہد نہیں ملے، قومی اسمبلی سے بل 6 ترامیم کے ساتھ منظور ہوا۔ وزیر قانون نے کہا کہ ملک کی خواتین اور نوجوان گھر بیٹھے فری لانسنگ کے ذریعے کما رہے ہیں، یہ بل بنیادی طور پر ان ہاؤسنگ سوسائٹیز کے حوالے سے تھا جو معاہدے کر کے پھر جاتی ہیں، شہریوں کی ذاتی زمینوں سے فائبر گزارنے کے لیے مالکان کی اجازت لینا لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی شہری انٹرنیٹ کے لیے اپنی ذاتی پراپرٹی نہیں دینا چاہتا تو یہ اس کا قانونی حق ہے، ہم یہ بالکل واضح کر رہے ہیں کہ اس بل سے کسی کی ذاتی پراپرٹی زبردستی متاثر نہیں ہوگی۔

بقیہ 11

وضبط اب حقیقت کا روپ دھار رہا ہے۔ اتوار کو وزارت منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے اورلینڈو میں 49 ویں اپنا (APPNA) سالانہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اڑان پاکستان کے ذریعے ہم اپنی سوچ کو بنیادی طور پر تبدیل کر رہے ہیں، تاریخ میں پہلی بار آبادی اور انسانی وسائل ہماری منصوبہ بندی میں کوئی معمولی حاشیہ نہیں بلکہ ہماری معاشی ترقی کا پہلا باب بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم فائیو ایز کی بنیاد پر 2047 تک 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت کا ہدف لے کر چل رہے ہیں، مہنگائی کی شرح 3.5 فیصد تک گرنے اور ترسیلات زر کے 31 بلین ڈالر سے تجاوز کرنے کے ساتھ ہیا اڑان پاکستان کا معاشی نظم وضبط اب حقیقت کا روپ دھار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف وہ پیچیدہ سفارت کاری جس نے واشنگٹن اور تہران کو ایک میز پر بٹھایا اور دوسری طرف معرکہ حق کے دوران بدترین حالات میں بھی اپنی سرحدوں کا مضبوط دفاع سے پاکستان نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ کوئی کمزور ریاست نہیں بلکہ اپنے قدموں پر کھڑا ہوتا ہوا ایک مضبوط ملک ہے، مگر یاد رہے حقیقی استحکام صرف سرحدوں پر نہیں جیتا جاتا، یہ ہمارے کلینکس، ہمارے ڈیٹا سسٹمز اور ہماری معاشی منصوبہ بندی سے جیتا جاتا ہے، آگے کا راستہ آسان نہیں ہے اور اب سارا دارومدار صرف اس منصوبے پر عمل درآمد پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنا کی کمیونٹی کو ایک سیدھا اور سادہ پیغام دیا ہے کہ اب پاکستان پر صرف یقین مت رکھیں بلکہ اسے بنانے میں ہمارا ساتھ دیں۔ اپنی مہارت، اپنے سسٹمز اور اپنا وژن وطن واپس لے کر آئیں، اب مستقبل ہی ہمارا اگلا مشن ہے۔

بقیہ 12

کو پامال کیا گیا اور جمہوریت کو آمریت کی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا۔ بلاول ہاؤس میڈیا سیل کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سانحہ 5 جولائی کے 49 برس مکمل ہونے کے موقع پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جنرل ضیا الحق کی آمریت صرف قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی منتخب حکومت کا تختہ الٹنے تک محدود نہیں تھی بلکہ یہ عوام کے اپنے مستقبل کا فیصلہ ووٹ کی طاقت سے کرنے کے بنیادی حق پر حملہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے قید و بند، سیاسی انتقام پر مبنی مقدمات اور بالآخر جام شہادت نوش کرنے کے باوجود آمریت کے سامنے سر نہیں جھکایا۔ آمریت سمجھتا تھا کہ وہ بھٹو کی آواز خاموش کر دے گا، مگر اس نے پوری قوم کے ضمیر کو بیدار کر دیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ شہید بھٹو کے نظریے کو قید نہیں کیا جا سکا اور نہ ہی ان کی آواز کو پھانسی دی جا سکی۔ ایک جمہوری، ترقی پسند اور مساوات پر مبنی پاکستان کا ان کا خواب آج بھی نئی نسلوں کے لیے رہنمائی اور حوصلے کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آمریت کے سخت ترین دور میں ثابت قدمی سے جدوجہد کی اور پوری زندگی جمہوریت، امید اور استقامت کی علامت بن کر رہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے ان کارکنوں کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا جنہوں نے قید و بند، تشدد، ظلم اور شہادتوں کے باوجود جمہوریت کے مشن سے دستبرداری اختیار نہیں کی۔ انہوں نے آئین کی بالادستی، پارلیمانی جمہوریت، آزاد عدلیہ اور صوبائی خودمختاری کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی آئین یا عوام کے مینڈیٹ کو خطرہ لاحق ہوگا، پیپلز پارٹی جمہوریت کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ 49 برس گزرنے کے باوجود 5 جولائی آج بھی اس حقیقت کی یاد دلاتا ہے کہ قومیں جبر سے نہیں بلکہ جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کی حاکمیت سے ترقی کرتی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہدا کو حقیقی خراجِ عقیدت ان کے مشن کو آگے بڑھا کر پیش کیا جائے گا، کیونکہ ووٹ کی طاقت ہمیشہ گولی کی طاقت پر غالب رہے گی۔

بقیہ 13

کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں ایک گروپ کے باپ اور بیٹا جبکہ دوسرے گروپ کے 2 بھائی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق دو گروہوں میں جھگڑا ہوا جس کے بعد فائرنگ کی گئی۔ ذرائع کے مطابق دونوں دھڑے آپس میں رشتے دار ہیں، لین دین پر تصادم ہوا جس کے باعث جھگڑا شدت اختیار کر گیا۔

بقیہ 14

کہ ڈی جی ایف آئی اے نے جعلی افسر عبدالواجد کو گرفتار کر لیا، عبدالواجد کے پاس قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کا جعلی تقرر نامہ تھا جس پر اسپیکر کے جعلی دستخط بھی تھے۔ ترجمان قومی اسمبلی کا کہنا ہے کہ عبدالواجد جعلساز غیر قانونی مراعات اور پروٹوکول بھی لیتا رہا، عوامی شکایات اور سوشل میڈیا پر معاملہ سامنے آنے پر اسپیکر نے فوری کارروائی کی۔ قومی اسمبلی کے ترجمان کے مطابق عبدالواجد نامی شخص کا قومی اسمبلی سے کوئی تعلق ہے نہ ہی اس کی تقرری کا کوئی ریکارڈ ہے، اسپیکر، قومی اسمبلی یا جعلی سرکاری عہدے کے نام پر دستاویز تیار کرنا سنگین جرم ہے، عوام ایسے جعلسازوں سے ہوشیار رہیں اور قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے حوالے سے کسی بھی دستاویز کی تصدیق لازمی کریں۔

بقیہ 15

۔دشمن بھی کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی بہادری کا معترف ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کیپٹن کرنل شیر خان شہید نے جرات و بہادری سے دشمن پر ہیبت طاری کر دی۔

بقیہ 16

کے مطابق مٹی کے تیل کی قیمت میں 4 روپے 9 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مٹی کے تیل کی نئی قیمت 231 روپے 14 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔ قیمت میں اضافے کا اطلاق آج سے کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے مٹی کے تیل کی قیمت 227 روپے 5 پیسے فی لیٹر تھی۔

بقیہ 17

قومی سرمایہ ہیں، ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کی مقروض ہے، انہی قربانیوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابلِ تسخیر بنایا۔ کرنل شیر خان شہید نشانِ حیدر کی برسی پر وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ کرنل شیر خان شہید کی لازوال قربانی پاکستان کی عسکری تاریخ کا درخشاں باب ہے، یہ قربانی مادرِ وطن سے وفاداری اور شجاعت کی اعلیٰ ترین روایات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی یہ عظیم قربانی یاد دلاتی ہے کہ ہماری آزادی اور خودمختاری ہمارے شہداء کے مقدس خون کی مرہونِ منت ہے، بیرونی یا اندرونی خطرے کے خلاف اپنی مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

بقیہ 18

بنیادی اقدار سے وابستگی کی مضبوط روایت کو مسلسل آگے بڑھا رہا ہے۔ گزشتہ ڈھائی صدیوں کے دوران امریکی عوام کے نمایاں کارناموں نے دنیا کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان دیرینہ تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور امن، سلامتی و خوشحالی کے فروغ کے مشترکہ عزم پر استوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا میں آباد ایک فعال اور متحرک پاکستانی برادری نے ان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس برادری کی کامیابیاں اور خدمات نہ صرف دونوں ممالک کے لیے باعثِ فخر ہیں بلکہ یہ دونوں عوام کے درمیان دوستی، باہمی اعتماد اور بہتر روابط کا مضبوط ذریعہ بھی ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے تعلقات ایک مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، جہاں دونوں ممالک باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے اور مستقبل پر نظر رکھنے والی مضبوط شراکت داری کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے اس رفتار کو برقرار رکھنے کے لیے توانائی کی قابلِ اعتماد فراہمی، تجارت و سرمایہ کاری، دفاع، انسدادِ دہشت گردی اور دیگر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں قریبی اور منظم تعاون جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ صدر زرداری نے کہا کہ مضبوط پاک۔امریکا شراکت داری کا علاقائی امن اور سلامتی میں اہم کردار ہے جس کی اہمیت گزشتہ سال مئی میں اس وقت ثابت ہوئی جب صدر ٹرمپ نے دو ایٹمی ہتھیاروں سے لیس ریاستوں کے درمیان جنگ بندی کی کامیاب ثالثی کرائی۔ بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے کے ساتھ، یہ شراکت داری مزید مضبوط ہو رہی ہ

کھیوڑہ شہر کے مین روڈ کے ساتھ ٹف ٹائل کا ناقص کام جاری

ایک بارش نے کنکریٹ بہہ گئی اور دوبارہ کنکریٹ کے بغیر ٹف ٹائل کا کام دیدہ دلیری سے جاری

ٹھیکیدار کی من مانیاں، محکمہ ہائی وے کے افسران نے ٹھیکیدار کو کام میں دونمبری کی کھلی اجازت دے رکھی

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس) کھیوڑہ شہر کے مین روڈ کے ساتھ ٹف ٹائل کا ناقص کام جاری ایک بارش نے کنکریٹ بہہ گئی اور دوبارہ کنکریٹ کے بغیر ٹف ٹائل کا کام دیدہ دلیری سے جاری ٹھیکیدار کی من مانیاں محکمہ ہائی وے کے افسران نے ٹھیکیدار کو کام میں دونمبری کی کھلی اجازت دے رکھی اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان محترمہ عائشہ شفقت نے اسسٹنٹ چیف آفیسر ایم سی کھیوڑہ کو احکامات جاری کیے کہ موقع پر کام کا جائزہ لیا جائے اسسٹنٹ چیف آفیسر ملک امین نے ناقص کام کرنے کی رپورٹ پیش کر دی عوامی سماجی حلقوں نے (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی: روڈ کنارے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے فروٹ وسبزی کی ریڑھیاں لگائی گئیں ہیں

گمشدہ بچہ قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے

بچے کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گمشدہ بچے کو قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا، بچے کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان (بقیہ نمبر 3)

لاہور: ایک کاریگر گارمنٹس انڈسٹری میں استعمال ہونے والی سلائی مشین کی مرمت میں مصروف ہے

6 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ وارث خان، بنی، صدرواہ، نصیر آباد اور روات (بقیہ نمبر 4 3)

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی انتخابات کیلئے حتمی امیدواروں کی فہرست جاری

مظفر آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آزاد جموں وکشمیر نے قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات 2026 کیلئے امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کردی ہے جس کے مطابق آزاد جموں وکشمیر کے 45 انتخابی حلقوں سے مجموعی طور پر 852 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں، جبکہ 320 سے زائد امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے۔ اعداد وشمار کے مطابق میرپور کے 4 حلقوں سے 98، بھمبر کے 3 حلقوں سے 63، جبکہ کوٹلی (بقیہ نمبر 3 5)

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

84 مشکوک افراد، 139 موٹر سائیکل تھانے منتقل کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 84 مشکوک افراد اور 139 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا جبکہ گزشتہ سات دنوں میں 41 سرچ آپریشنز (بقیہ نمبر 3 6)

باجوڑ کا رہائشی کورنگی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے قتل

کراچی (این این آئی) کورنگی میں پانیک سوار تین افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا، مقتول کا تعلق تعلق باجوڑ سے ہے جو یوسی چیئرمین کے پاس مزدوری کرتا تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کورنگی چار نمبر اویس شہید پارک کے قریب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، مقتول کی لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح ہسپتال منتقل کی گئی۔ (بقیہ نمبر 3 7)

اسلام آباد، چار اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، یس ایس پی سیکورٹی آپریشنز اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث چار اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے (بقیہ نمبر 3 8)

راولپنڈی: انتظامیہ کی جانب سے مری روڈ پر قومی ہیروز کی لگائی جانے والی تصاویر مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہی ہیں

راولپنڈی میں منی ڈیم میں ڈوب کو دو نوجوان جاں بحق

جاں بحق میں 24 سالہ ہلال اور 19 سالہ ذیشان شامل، چک بیلی روڈ پر ٹریفک حادثے میں کار سوار چار افراد زخمی

ریسکیو ٹیم نے زخمی ہونے والے تمام 4 افراد کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ہسپتال منتقل کردیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی تھانہ صدر بیرونی کے علاقے اڈیالہ روڈ پر مقامی منی ڈیم میں ڈوب کو دو نوجوان جاں بحق ہوگئے، چک بیلی روڈ پر ٹریفک حادثے میں بھی چار کار سوار زخمی ہوگئے، ریسکیو 1122 نے دونوں واقعات میں امداد فراہم کی۔ حکام کے مطابق تھانہ صدر بیرونی کے علاقے آر وی ایس سوسائٹی جانی موڑ اڈیالہ روڈ کے قریب منی ڈیم میں چوبیس سالہ ہلال اور انیس سالہ (بقیہ نمبر 3 9)

پٹرول وڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود مہنگائی برقرار

اسلام آباد (این این آئی) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ملک کے مختلف شہروں میں مہنگائی کی لہر نہ رک سکی، اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں بازاروں بھی کھانے پینے کی اشیا کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی۔ شہریوں نے کہا کہ جب پیٹرول کی قیمت زیادہ ہوتی ہے تو ہر چیز مہنگی ہو جاتی ہے لیکن اب جبکہ پٹرول کی قیمتوں میں کمی آرہی ہے تو کچھ سستا نہیں ہوا۔

ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ گوجر خان پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، زیر حراست ملزم سے بغیر لائسنس اسلحہ بھی برآمد ہوا، متن مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے 15 پر کال کی کہ نامعلوم افراد نے اس کے ساتھ رابری کی واردات کی کوشش کی ہے، گوجر خان پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر تحقیقات کیں تو کالر کے ساتھ ایسا کوئی وقوعہ سرزد ہونا نا پایا گیا، کالر کو مشکوک جان کر کالر کی جامہ تلاشی عمل میں لانے (بقیہ نمبر 3 9)

میڈیا انڈسٹری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے حکومتی سطح پر رابطوں کا فیصلہ

چیف ایڈیٹر روزنامہ حرارت چوہدری محمد ادریس اماس کے مرکزی وائس چیئرمین مقرر

ملتان (این این آئی) آل میڈیا اونرز سوسائٹی کا اجلاس صدر حنیف چوہان کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں جنرل سیکرٹری اظہر ہاشمی، ملک محمد امجد سعید تھہیم، صفدر علی بخاری، چوہدری محمد ادریس، ملک رضوان اعوان، خلیل بھٹی، شہزاد خان، شہکی پیرزادہ، احتشام الحق، مقبول حسین، محمد اویس اور اشرف ضیاء نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملک بھر خصوصاً پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا کو درپیش مالی، انتظامی اور پیشہ ورانہ مسائل پر تفصیلی (بقیہ نمبر 4 5)

خلیل ہاشمی کا کاشغر میں این ایل سی کے لاجسٹکس مرکز کا دورہ

این ایل سی کی سرحد پار لاجسٹکس سرگرمیوں اور سہولیات پر تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے کاشغر میں این ایل سی کے لاجسٹکس مرکز کا دورہ کیا، اس موقع پر انہیں این ایل سی کی سرحد پار لاجسٹکس سرگرمیوں اور سہولیات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کاشغر اور تاشکرگن میں این ایل سی کی قائم کردہ سہولیات پاک چین تجارت کے لئے اہم حیثیت رکھتی ہیں، این ایل سی کے مراکز چین، وسطی ایشیائی ممالک قازقستان، کرغزستان، تاجکستان، (بقیہ نمبر 4 0)

سرکاری ہسپتالوں میں صفائی کا موثر میکانزم تیار کرنے پر غور

لکھوڈیر (لاہور)، فیصل آباد، سیالکوٹ اور شیخوپورہ میں پائلٹ پراجیکٹ پر کام جاری ہے

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر بلدیات ڈیشان رفیق کی زیر صدارت سنتھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں ایک اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں صفائی کا موثر میکانزم تیار کرنے پر غور کیا گیا ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری مہرین فہیم عباسی اور ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سنتھرا پنجاب اتھارٹی اور کنزیب نے بھی شرکت کی۔ وزیر بلدیات ڈیشان رفیق نے کہا کہ پنجاب بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں صفائی کے مستقل اور موثر انتظامات کئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے ہسپتالوں کے وارڈز، راہداریاں، لانز اور واش روم صاف (بقیہ نمبر 4 2)

سنی تحریک کا جیو نیوز کے خلاف احتجاج، سخت کارروائی کا مطالبہ

پریس کلب راولپنڈی کے باہر مظاہرہ، ناموسِ رسالت ﷺ کے تحفظ کے لیے بھرپور نعرے، ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جاسکتی اور مقدساتِ اسلام کے احترام پر کوئی سمجھوتہ قابلِ قبول نہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پاکستان سنی تحریک راولپنڈی کے زیرِ اہتمام پریس کلب راولپنڈی کے باہر جیو نیوز کی جانب سے رسولِ اکرم ﷺ کے مبینہ گستاخانہ خاکوں کی اشاعت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے کی قیادت علامہ شوکت حسین نقشبندی اور علامہ محمد عمران نظامی نے کی، جبکہ کارکنوں، علمائے کرام، مشائخ عظام اور عاشقانِ رسول ﷺ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ناموسِ رسالت ﷺ کے تحفظ، جیو نیوز سے غیر مشروط معافی اور واقعے کے ذمہ دار افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کے مطالبات درج تھے۔ شرکاء نے احتجاج کے دوران نعرے بازی کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کے مذہبی (بقیہ نمبر 2)

پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام مقامی چینل پر گستاخانہ خاکوں کی اشاعت میں کارکنان کی بڑی تعداد میں احتجاج کر رہے ہیں

بھنگالی شریف گوجرخان میں 131 واں سالانہ عرس مبارک عقیدت واحترام سے اختتام پذیر

امت مسلمہ کو مسلکی اختلافات بھلا کر اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا، اسلام دشمن عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے: پیر سید مخدوم عباس محمد شاہ ہمدانی

گوجرخان (رپورٹر) دربار حسینی فیض رساں آستانہ عالیہ بھنگالی شریف گوجرخان میں 131 واں سالانہ عرس مبارک نہایت عقیدت و احترام، روحانی ماحول اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ تین روزہ تقریبات میں ملک بھر سے ہزاروں مریدین، متوسلین، علمائے کرام، مشائخ عظام، سادات ہمدانیہ، سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات نے شرکت کی۔ محفلوں میں ذکرِ الٰہی، مدحتِ سرورِ کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، ذکرِ اہلِ بیتِ اطہارؓ، صحابہ کرامؓ اور درود وسلام کی روح پرور صداؤں سے فضا معطر رہی۔ تقریبات کی صدارت الحاج پیر سید محمد جابر علی شاہ ہمدانی، سجادہ نشین آستانہ عالیہ بھنگالی شریف، نے کی جبکہ سرپرستی الحاج پیر سید مخدوم عباس محمد شاہ ہمدانی، سرپرستِ اعلیٰ آستانہ عالیہ بھنگالی شریف، نے کی۔ اختتامی نشست سے خطاب کرتے ہوئے پیر سید مخدوم عباس محمد شاہ ہمدانی (بقیہ نمبر 5)

دربار حسینی فیض رساں آستانہ عالیہ بھنگالی شریف گوجرخان میں 131 واں سالانہ عرس مبارک نہایت عقیدت واحترام، روحانی ماحول اور مذہبی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

اسلام آباد، تین قمار باز رنگے ہاتھوں گرفتار

جوئے میں استعمال ہونے والے آلات، کمپیوٹرز اور جوئے پر لگی رقم برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے قمار بازی میں ملوث تین قمار بازوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے جوئے میں استعمال ہونے والے آلات، کمپیوٹرز اور جوئے پر لگی رقم برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی (بقیہ نمبر 4 3)

کندھ کوٹ، سندھ یونائیٹڈ پارٹی کا پریس کلب کے سامنے دھرنا

سندھ حکومت کی بجٹ پالیسیوں، بجلی کے بحران اور عوامی مسائل کے خلاف احتجاج

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر سید زین شاہ کی ہدایت پر ضلع کندھ کوٹ میں سندھ حکومت کی بجٹ پالیسیوں، بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی کے بحران، بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی اور دیگر عوامی مسائل کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی، جو بعد ازاں کندھ کوٹ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے اور دھرنے میں تبدیل ہوگئی احتجاجی ریلی کی قیادت ضلعی صدر ظریت ساگر بجارانی، شاہ نواز مرہٹو اور نظیر (بقیہ نمبر 3)

خانیوال: لاہور سے کراچی جانے والی شالیمار ایکسپریس کی ڈی ریل ہونے والی ڈائننگ کار

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے اعزاز میں الوداعی تقریب

راولپنڈی پولیس مجھے اپنی فیملی کی طرح عزیز رہی اور ہمیشہ رہے گی، سید خالد محمود ہمدانی

ہم نے مل کر بڑے سے بڑے چیلنج کو ہمت اور استقامت سے مکمل کیا

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کو یادگاری شیلڈز پھول اور تحائف پیش کئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز آمد پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹی گیشنز، چیف ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز، ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز نے شرکت کی، سی پی او آفس کے برانچ ہیڈز اور دیگر افسران نے بھی (بقیہ نمبر 4 4)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث شخص گرفتار

2 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، ٹھوس شواہد کیساتھ چالان عدالت کیا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مورگاہ پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث شخص گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث شخص کو گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو قیمتی (بقیہ نمبر 4 5)

تھانہ روات پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

7 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، گینگ کا سرغنہ چوری کی وارداتوں میں ملوث ہے

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ روات پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار کر کے 7 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ روات پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 7 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے، گینگ کا سرغنہ (بقیہ نمبر 4 6)

لاہور: کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں ایک ہنرمند کھڈی پر قالین تیار کر رہا ہے، پاکستان میں رواں سال اکتوبر میں عالمی نمائش کے انعقاد کا اعلان کیا گیا ہے

فرار حوالاتیوں کی گرفتاری کیلئے راولپنڈی پولیس کا آپریشن مکمل

14 ویں مفرور حوالاتی کی گرفتاری سے مسلسل جاری سرچ آپریشن اختتام پذیر

راولپنڈی (این این آئی) قیدی وین سے فرار حوالاتیوں کی گرفتاری کیلئے راولپنڈی پولیس کا گرینڈ آپریشن مکمل، تمام 14 حوالاتی گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق قیدی وین سے فرار حوالاتیوں کی گرفتاری کے لیے راولپنڈی پولیس کا گرینڈ آپریشن مکمل، راولپنڈی پولیس نے تمام 14 حوالاتیوں کو گرفتار کر لیا، آخری مفرور حوالاتی اسد کو بھی گرفتار کر لیا گیا، راولپنڈی پولیس کی خصوصی ٹیموں نے واقعہ کے فوری بعد ملزمان کی گرفتاری کے لئے آپریشن شروع کیا، 72 گھنٹے کے اندر 14 میں سے 13 مفرور حوالاتیوں کو (بقیہ نمبر 4 7)

اسسٹنٹ کمشنر چکوال کا الائنس ٹریولز بس اسٹینڈ کا معائنہ

تمام گاڑیوں پر کرایہ نامے آویزاں پائے گئے، افسران کو ضروری ہدایات جاری

چکوال (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر چکوال ڈاکٹر ارسلان سکندر نے الائنس ٹریولز بس اسٹینڈ کا معائنہ کیا، تمام گاڑیوں پر کرایہ نامے آویزاں پائے گئے جبکہ بس اسٹینڈ کی مجموعی صفائی کی صورتحال تسلی بخش تھی۔ تاہم واش روم کے قریب کوڑا کرکٹ مناسب طریقے سے تلف نہ کرنے کی نشاندہی پر متعلقہ انتظامیہ کو فوری صفائی اور بہتر انتظامات کی ہدایات جاری کی گئیں۔ بعد ازاں ریونیو افسران کے اجلاس کی صدارت کی گئی جس میں روزانہ کی (بقیہ نمبر 4 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

مسافروں سے بھری ڈاٹسن نہر میں جا گری، دو نوجوان ڈوب گئے

کندھ کوٹ کے قریب رسالدار شاہی واہ کی خستہ حال پل سے ڈاٹسن نہری میں گری، کئی گھنٹے گزرنے کے باوجود لاشیں برآمد نہ ہوسکیں

واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور عوام کی جانوں کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): ضلع کشمور کے شہر کندھ کوٹ کے نواحی علاقے رسالدار میں واقع شاہی واہ کی خستہ حال اور ٹوٹی ہوئی پل ایک بار پھر انسانی جانوں کے لیے خطرہ ثابت ہوئی، جہاں مسافروں سے بھری ایک ڈاٹسن گاڑی پل سے بے قابو ہو کر نہر میں جا گری۔ افسوسناک حادثے کے نتیجے میں سات افراد پانی میں جا گرے، جن میں سے پانچ افراد کو مقامی شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت بحفاظت باہر نکال لیا، جبکہ دو نوجوان تیز بہاؤ کی نذر ہو گئے۔ کئی گھنٹے گزر جانے کے (بقیہ نمبر 6)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی نے ہیچ لیب افسران کی کارکردگی رپورٹ کا جائزہ لیا

گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر سیکورٹی انتظامات

راولپنڈی (این این آئی) گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سیکورٹی انتظامات کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سیکورٹی انتظامات کئے گئے، سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا گیا، عبادت کے لیے آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان (بقیہ نمبر 4 8)

پرتگال کے سفیر کا لاہور میوزیم کا دورہ، پاکستان کے تاریخی ورثے کو سراہا

محفوظ نادر نوادرات، تاریخی آثار اور قیمتی ثقافتی ورثے میں گہری دلچسپی کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان میں پرتگال کے سفیر پالو میگوئل گیڈس ڈومنگوئس نے لاہور عجائب گھر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف تاریخی، ثقافتی اور آثار قدیمہ سے متعلق گیلریوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران پرتگالی سفیر نے لاہور عجائب گھر میں محفوظ (بقیہ نمبر 5 0)

اٹلی جانے کی کوشش کرنے والے دو پاکستانی تیونس سے ڈی پورٹ

جعلی دستاویزات کے ذریعے کینیڈا جانے کی کوشش ناکام بنا کر مسافر، مبینہ ایجنٹ کو گرفتار کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) غیر قانونی طور پر اٹلی جانے کی کوشش کرنے والے دو پاکستانی شہریوں کو تیونس سے ڈی پورٹ کر دیا گیا جبکہ ایف آئی اے امیگریشن نے جعلی دستاویزات کے ذریعے کینیڈا جانے کی کوشش ناکام بنا کر مسافر اور اس کے مبینہ ایجنٹ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اٹلی جانے کی کوشش میں تیونس سے ڈی پورٹ ہونے والے (بقیہ نمبر 5 1)

لاہور: ایک نوجوان بغیر حفاظتی تدبیر مرکزی شاہراہ پر سکیٹنگ کرتے ہوئے جا رہا ہے

ویزویلا میں خوفناک زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد 2 ہزار 954 ہوگئی

کراکس: (اے ایف پی) ویزویلا میں آنے والے حالیہ خوفناک زلزلے سے ہلاکتوں کی تعداد 2 ہزار 954 ہوگئی ہے۔ وزارت اطلاعات ویزویلا کے مطابق زلزلے کے باعث 16 ہزار 592 افراد زخمی ہوئے، جبکہ 6 ہزار 309 افراد بے گھر ہو گئے، میڈیکل ٹیموں نے 22 ہزار 445 افراد کو طبی امداد فراہم کی ہے۔ متاثرہ افراد کی مدد کیلئے 3 ہزار 281 غیر ملکی ریسکیو ورکرز سمیت 30 ہزار اہلکار تعینات ہیں، زندہ بچ (بقیہ نمبر 5 2)

گوجرخان میں بجلی گیس اور پانی نایاب

ہسپتال علاج کے نام پر ذلت گاہ عوامی نمائندے تماشائی بن گئے

بجلی کے بھاری بھرکم بلوں کے باوجود رات بھر قہر ڈھاتی گرمی میں فورسڈ لوڈشیڈنگ سے معصوم بچوں بزرگوں اور مریضوں کا جینا محال

خود ساختہ مہنگائی اور ایل پی جی مافیا کی لوٹ مار عروج پر عوام دور جدید میں بھی پتھر کے زمانے کی زندگی گزارنے پر مجبور

گوجرخان (قمر شہزاد) جدید دور کا پسماندہ ترین خطہ، گوجرخان مسائل کی آماجگاہ بن چکا ہے جہاں بنیادی انسانی ضرورتیں بھی خواب بن کر رہ گئی ہیں۔ واپڈا کی جانب سے رات کے وقت کی جانے والی بدترین اور غیر اعلانیہ فورسڈ لوڈشیڈنگ نے شدید حبس، گھٹن اور قہر ڈھاتی گرمی میں شہریوں سے راتوں کا سکون چھین لیا ہے۔ معصوم بچے، بوڑھے اور تڑپتے ہوئے مریض رات بھر بستروں پر تڑپنے پر مجبور ہیں، جبکہ دوسری جانب بھاری بھرکم بجلی کے بل غریب عوام کی کھال اتار رہے (بقیہ نمبر 7)

کارگل جنگ کے ہیرو کیپٹن کرنل شیر خان شہید نشان حیدر کی برسی منائی گئی

کارگل کے پہاڑ کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی بہادری کے گواہ ہیں، محسن نقوی کا خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) کارگل جنگ کے ہیرو کیپٹن کرنل شیر خان شہید، نشان حیدر کی 27 ویں برسی منائی جائے گی۔ 5 جولائی 1999 کو کارگل کے محاذ پر دشمن سے لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کرنے والے کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی جرأت اور بہادری کو قوم کا سلام ہے۔ شہید کے مزار پر صبح پھولوں کی چادر چڑھائی گئی، پاک فوج کے چاک چوبند دستہ نے سلامی کی۔ ادھر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کارگل کے پہاڑ کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی بہادری کے گواہ ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی یوم شہادت پر شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کے (بقیہ نمبر 5 3)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035